www.KitaboSunnat.com

نماز ہمیشہ پڑھنے والے

175۔ اَلَّذِیْنَ هُمْ عَلٰی صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ

(المعارج:23/70)

''جو اپنی نمازوں میں دوام (ہمیشگی) کرنے والے ہیں۔''

اللہ کی محبت سب سے بڑھ کر

176۔ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

(البقرة:2/165)

''اور ایمان رکھنے والے لوگ سب سے بڑھ کر اللہ کو محبوب رکھتے ہیں۔''

وضو سے فراغت کی دعا

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

''میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں شہادت دیتا ہوں محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔''

[مسلم(234) ابوداؤد (169) نسائی(148)]

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

روزہ

177۔ يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ (البقرۃ:183/2)

''اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کر دیے گئے ہیں''

پہلی امتوں پر بھی فرض تھے

178۔ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

''جس طرح تم سے پہلی امتوں پر فرض کیے گئے'' (البقرۃ:183/2)

روزوں کا فائدہ کیا ہے؟

179۔ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ (البقرۃ:183/2)

''تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ (یہی زندگی کا اعلیٰ وارفع مقصد ہے)

یہ گنتی کے چند دن ہی تو ہیں

180۔ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ (البقرۃ:184/2)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''یہ گنتی کے چند دن ہی تو ہیں (سال بھر کے ۲۹ یا ۳۰ روزے)''

مریضوں اور مسافروں کے لیے رخصت

181۔ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ (البَقَرة:184/2)

''اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو، یا سفر پر ہو تو (صحت ملنے پر اور سفر سے واپسی پر) وہ دوسرے دنوں میں اتنی تعداد پوری کرے (تاکہ تمہاری تربیت اور اجر میں کمی نہ رہ جائے)''

ناتوان بوڑھوں اور بیماروں کے لیے

182۔ وَ عَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ (البَقَرة:184/2)

''اور جو (انتہائی بڑھاپے اور انتہائی کمزوری کے باعث جس میں شفایابی کی امید نہ ہو) روزہ نہ رکھ سکیں تو وہ فدیہ دیں اور ایک روزے کا فدیہ ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہے (اُسی معیار کا کھانا جو خود کھاتے ہو)

احسان و مروّت

183۔ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ
(البَقَرة:184/2)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

’’اور جو اپنی خوشی سے کچھ زیادہ بھلائی کرے، تو یہ اُسی کے لیے بہتر ہے (ایک سے زیادہ مسکینوں کو کھانا کھلا دے یا کھانے کے علاوہ ان کے لباس کا بھی سروسامان کردے وغیرہ)‘‘

روزے کی قدر و قیمت تو بہر حال بہتر ہے

184۔ وَ اَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (البَقرۃ:184/2)

’’لیکن اگر تم سمجھو، تو تمہارے حق میں اچھا یہی ہے کہ تم روزے رکھو‘‘

سفر سے واپسی کی دعا

اٰئِبُوْنَ ، تَآئِبُوْنَ ، عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ

ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حج

یہ کن لوگوں پر فرض ہے؟

185۔ وَ لِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ (اٰلِ عمرٰن:97/3)

”اور لوگوں پر اللہ کا یہ حق ہے کہ جو اس گھر تک پہنچنے کی استطاعت (مالی و جسمانی) رکھتا ہو وہ اس کا حج کرے۔“

حج حق حلال کی روزی سے ہوتا ہے

186۔ وَ تَزَوَّدُوْا (البقرۃ:197/2)

”اور (حج کے لیے) زادِ راہ (خرچہ) لیا کرو“

پرہیزگاری کے توشہ کو نہ بھولو

187۔ فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى (البَقَرۃ:197/2)

”پس بلاشبہ (یاد رکھو) سب سے قیمتی زادِ راہ تو پرہیزگاری کا توشہ ہے“

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حج کے مہینے مقرر ہیں

188۔ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ (البقرۃ: 197/2)

”حج کے مہینے تو جانے پہچانے ہیں۔“ (یعنی حج کا فریضہ ذوالحجہ میں ادا ہوتا ہے)

اَیّامِ حج میں اعمال کی پاکیزگی

189۔ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ (البقرۃ: 197/2)

”(اور دیکھو!) حج کے دوران کوئی خواہشاتِ نفس کی باتیں، کوئی برا عمل اور کوئی لڑائی جھگڑے کی بات نہ ہونے پائے (لڑائی جھگڑا، دنگہ فساد تو ویسے ہی ممنوع ہے چہ جائیکہ حج کے دوران)“

حق حلال کی روزی کما سکتے ہو

190۔ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ (البقرۃ: 198/2)

”اگر (حج سے فراغت کے بعد) تم اپنے رب کا فضل (رزقِ حلال) تلاش کرلو، تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں (زندگی گزارنے کے لیے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رزقِ حلال تو چاہیے)“

مسجد میں داخل ہونے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ
اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

”اللہ کے نام لے کر نکلتا ہوں، اور درود وسلام ہو رسول اللہ ﷺ پر
۔اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے“

مسجد سے نکلنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

[مسلم(713)ابوداؤد(465)]

”اللہ کے نام لے کر نکلتا ہوں، اور درود وسلام ہو رسول اللہ ﷺ پر۔
اے اللہ! میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں“

اَللّٰهُمَّ اَعْصِمْنِيْ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

”اے اللہ! مجھے شیطان مردود سے محفوظ رکھ۔“

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آدابِ بندگی

اللہ کو خالص دل سے پکارو

191۔ فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

(المؤمن:14/40)

''پس تم اللہ ہی کو پکارو اس کے لیے خالص ہو کر۔'' (اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو)

اللہ کو انکساری سے پکارو

192۔ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً

(الأعراف:55/7)

''تم اپنے رب کو گڑ گڑا کر اور چپکے چپکے پکارو''

اللہ کو خوف اور توقع سے پکارو

193۔ وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا (الأعراف:56/7)

''اور تم اُسے خوف اور (رحمت کی امید کی) توقع سے پکارو''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ ہی کی تعریف کیا کرو

194۔ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى

(الاعلیٰ:1/87)

''(اے نبی ﷺ) اپنے رب عظیم و برتر کے نام کی تسبیح کیا کرو''

(اور یوں کہو (سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى) ''پاک ہے میرا پروردگار عظیم و برتر۔''

اللہ ہی کو سجدہ کرو

195۔ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا

(النجم:62/53)

''پس تم اللہ ہی کے آگے (سجدے میں) جھک جاؤ اور اُسی کی عبادت کیا کرو۔''

سجدے میں بندہ اللہ کے بہت قریب ہوتا ہے

196۔ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ (العلق:19/96)

''سجدہ کرو اور اپنے رب کا قرب حاصل کرو''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ ہی کی طرف رجوع کیا کرو

197۔ وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ (الزمر:54/39)

''اور تم (مشکلات میں) اپنے رب کی طرف رجوع کیا کرو''

اُسی کے مطیع بن کر رہو

198۔ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ (الزمر:54/39)

''اور تم (زندگی بھر) اُسی کی اطاعت کا دم بھرو''

اللہ ہی کی طرف متوجّہ رہو

199۔ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ (اَلَمْ نَشْرح:8/94)

''اور (ہمیشہ) اپنے رب ہی کی طرف متوجّہ رہو'' (رغبت رکھ)

اپنے رب کا نام لو اور اُسی سے لَو لگاؤ

200۔ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا (المزمل 8/73)

''اپنے رب کو یاد کیا کرو اور سب سے کٹ کر اُسی کے ہو رہو''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نیک اعمال سے اُس کا قرب حاصل کرو

201۔ اِتَّقُوا اللّٰهَ وَ ابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ

(المآئدة:35/5)

”تم اللہ سے ہمیشہ ڈرتے رہو اور (نیک اعمال کے ذریعے جو کتاب وسنّت کے مطابق ہوں) اُس کا قرب حاصل کرو۔

اللہ سے وابستہ رہو

202۔ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ

(الحج:78/22،النّسآء:146/4)

”اور اللہ کو مضبوط تھام لو (اس کے احکام پر مضبوطی سے عمل پیرا ہو جاؤ)“

وہ بہت اچھا آقا اور بہت اچھا مددگار ہے

203۔ هُوَ مَوْلٰكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ

(الحج:78/22)

”وہی تمہارا مولیٰ (ولی اور مالک) ہے، پس کیا ہی اچھا مولیٰ (مالک) ہے اور کتنا ہی بہتر مددگار ہے۔“

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ ہی کو کارساز جانو وہی مشرق و مغرب کا مالک ہے

204۔ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا (المزمل: 9/73)

''وہ مشرق و مغرب کا رب ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، لہٰذا اُسی کو اپنا کارساز سمجھو (وہی بگڑی بنانے والا ہے)

اُسی سے رزق طلب کرو

205۔ فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ (العنکبوت: 17/29)

''اللہ ہی سے رزق طلب کیا کرو (یقیناً وہی روزی رساں ہے)۔''

وہی بندگی کا حقدار ہے

206۔ وَاعْبُدُوْهُ (ایضاً)

''اور تم (نعمتیں لینے کے بعد) اُسی کی بندگی بجالاؤ''

(اور اُن نعمتوں پر) اُسی کا شکر ادا کرو

207۔ وَاشْكُرُوْا لَهٗ (ایضاً)

''پھر تم شکر بھی اُسی کا ادا کرو''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زکوۃ وصدقات

اللہ کے بندے اللہ ہی کے دیئے میں سے خرچ کرتے ہیں

208۔ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ (البقرۃ:3/2)

''اور جو رزق ہم نے ان کو دیا وہ اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔''

زکوٰۃ دیتے ہیں

209۔ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ (الأعراف:156/7)

''اور وہ زکوٰۃ دیتے ہیں۔''

(غربا ومساکین کی حق حلال کی روزی سے خدمت کرتے ہیں)

210۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ

(الأعراف:156/7)

''اور جو لوگ میری آیات پر ایمان لاتے ہیں۔''

(قرآن کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگیوں کو ڈھالتے، بناتے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کو اپناتے ہیں)

اُن کے مال کے حقدار کون ہیں؟

211۔ وَفِيٓ اَمۡوَالِهِمۡ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالۡمَحۡرُوۡمِ
(الذّٰرِيٰتِ:19/51)

"اور اُن کے مالوں میں حق ہے سوال کرنے والوں اور محتاجوں کا"

زکوٰۃ وصدقات سے مال اور روح کی پاکیزگی

212۔ خُذۡ مِنۡ اَمۡوَالِهِمۡ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمۡ وَتُزَكِّيۡهِمۡ بِهَا
(التوبة:103/9)

"آپ ان کے مالوں میں سے صدقہ لیجئے جس کے ذریعہ سے آپ اِن کو پاک وصاف کردیں (مال اور روح پاکیزہ بن جائے)

بلندی کی راہیں کیا ہیں؟

213۔ وَمَآ اَدۡرٰكَ مَا الۡعَقَبَةُ
(البلد:11/90)

"اور تم کیا جانو کہ دشوار گذار گھاٹی کیا ہے؟"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مظلوموں کو آزاد کرانا

214۔ فَكُّ رَقَبَةٍ (البلد:12/90)

''(کسی مظلوم کو) غلامی سے چھڑانا''

بھوکوں کو کھانا کھلانا

215۔ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ

(البلد:14/90)

''یا فاقے کے دن کھانا کھلانا''

کسی قریبی یتیم کو

216۔ يَتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ (البلد:15/90)

''کسی قریبی یتیم کو''

خاک نشین مسکین کو

217۔ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ

(البلد:16/90)

''یا خاک نشین (عاجز اور لاچار) مسکین کو''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی صفت

218۔ وَ يُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّ يَتِيْمًا وَّ اَسِيْرًا (الدھر:8/76)

''اور وہ (صحابہ رضی اللہ عنہم) اللہ کی محبت میں مسکین، یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے ہیں''

کسی یتیم پر سختی نہ کرو

219۔ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ (الضّحیٰ:9/93)

''پس کسی یتیم پر سختی نہ کر''

کسی سائل کو نہ جھڑکو

220۔ وَ اَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ (الضّحیٰ:10/93)

''کسی سائل (مانگنے والے) کو نہ جھڑکو (بلکہ نرمی سے سمجھا دو)''

اللہ ایسے پرہیزگار کو آگ سے بچائے گا

221۔ وَ سَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقٰى (البلد:12/90)

''اور پرہیزگار (آگ سے) دور رکھا جائے گا۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(جو) پاکیزگی حاصل کرنے کے لیے صدقہ کرتا ہے

222۔ اَلَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰى

(اللیل: 18/92)

''جو پاکیزہ ہونے کی خاطر اپنا مال (اللہ کی راہ میں) دیتا ہے''

بدلہ دینے کے لیے خرچ نہیں کرتا

223۔ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰۤى

(اللیل: 19/92)

''اور اُس پر کسی کا کوئی احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جا رہا ہو''

صرف رب عظیم و برتر کی رضا مطلوب ہے

224۔ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى

(اللیل: 20/92)

''بلکہ صرف رب عظیم و برتر کی رضا مطلوب ہے''

یقیناً وہ عنقریب راضی ہوگا

225۔ وَلَسَوْفَ یَرْضٰى　　(اللیل: 21/92)

''اور یقیناً وہ (رب محسن بھی) عنقریب اس سے راضی ہو جائیگا''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو لوگ مال جمع کرتے ہیں

226۔ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ

(التوبۃ:34/9)

''اور وہ لوگ جو سونے اور چاندی کو جمع کر کے رکھتے ہیں''

اور اُسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے

227۔ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

(التوبۃ:34/9)

''اور وہ اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔''

دردناک عذاب کی خبر

228۔ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (التوبۃ:34/9)

''پس آپ انہیں دردناک عذاب کی خبر پہنچا دیجیے۔''

جس دن اس خزانے کو تپایا جائے گا

229۔ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ

(التوبۃ:35/9)

''جس دن اس خزانے کو آتشِ دوزخ میں تپایا جائے گا''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعضائے جسم کو داغا جائے گا

230۔ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَ جُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ؕ (التوبة:35/9)

''پھر اس سے اُن کی پیشانیاں اور پہلو اور پشتیں داغی جائیں گی۔''

یہ وہ خزانہ ہے جو دنیا میں تم جمع کر کے رکھتے تھے

231۔ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ

(التوبة:35/9)

''یہ ہے وہ خزانہ جو تم نے اپنے لیے جمع کیا تھا''

خرچ کرنے میں سلامتی ہے

232۔ وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ

(المنافقون:10/63)

''اور جو رزق ہم (اللہ) نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو (زکوۃ باقاعدہ اور صدقات خوشی سے دو)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

موت آنے سے پہلے آخرت کا سامان کرو

233۔ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ

(المنافقون:10/63)

''قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کی موت کا وقت آ جائے۔''

(کسی کو موت کا وقت معلوم نہیں لہٰذا آج ہی اللہ کی راہ میں خرچ کرنا شروع کر دو)

کاش کہ تھوڑی مہلت مل جائے

234۔ فَيَقُوْلَ رَبِّ لَوْلَآ اَخَّرْتَنِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ

(المنافقون:10/63)

''تو وہ کہے گا اے میرے رب! کیوں نہ تو نے مجھے تھوڑی سی مزید مہلت دے دی ہوتی۔''

کہ صدقہ کر کے نیک لوگوں میں شامل ہو جاتا

235۔ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ

(المنافقون:10/63)

''کہ میں صدقہ دیتا اور نیک لوگوں میں شامل ہو جاتا''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ کا قانون یہ ہے

236۔ وَ لَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا
(المنافقون:11/63)

’’اور جب کسی کی مہلتِ عمل پوری ہونے کا وقت آ جاتا ہے تو اللہ کسی شخص کو ہرگز مزید مہلت نہیں دیتا (یہ دنیا دار العمل ہے موت کے وقت مدت پوری ہوتی ہے اور آخرت دار الجزاء ہے)‘‘

تمہارے ہر عمل سے وہ باخبر ہے

237۔ وَ اللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
(المنافقون:11/63)

’’اور جو کچھ تم کرتے ہو، اللہ اس سے باخبر ہے۔‘‘
(لہٰذا اُس کی نصیحت مانو اور خلوص سے خرچ کرنا شروع کر دو)

زکوٰۃ باقاعدہ اور صدقات غیر محدود

238۔ وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ مَا ذَا يُنْفِقُوْنَ
(البقرۃ:219/2)

’’اور وہ پوچھتے ہیں، ہم اللہ کی راہ میں کیا کچھ خرچ کریں؟‘‘

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضرورت سے زائد خرچ کر سکتے ہو

239۔ قُلِ الْعَفْوَ (البقرۃ:219/2)

”(آپ ﷺ فرما دیجئے) جو کچھ تمہاری ضرورت سے زائد ہو (مسجد بناؤ، مکتب بناؤ، یتامیٰ کے گھر بناؤ کنویں کھدواؤ، علم پھیلاؤ یہ سب صدقہ جاریہ ہے)“

اچھی چیز خیرات کرو

240۔ اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ

(البقرۃ:267/2)

”تم اپنی کمائی میں سے صاف ستھری (پاکیزہ) چیز اللہ کی راہ میں خرچ کیا کرو۔“

(رزق حلال کماؤ اور اس میں سے ستھری چیزیں اللہ کی راہ میں دو)

خرچ کرنے پر بہتر صلہ پاؤ گے

241۔ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ

(سبا:39/34)

”تم جو کچھ بھی اللہ کی راہ میں خرچ کرو گے، اللہ اس کا پورا پورا بدلہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

دے گا(دنیا میں بھی اور آخرت میں تو لازوال ہے)“

صدقہ کن لوگوں کے لیے؟

242۔ مَآ اَنۡفَقۡتُمۡ مِّنۡ خَيۡرٍ فَلِلۡوَالِدَيۡنِ وَالۡاَقۡرَبِيۡنَ وَالۡيَتٰمٰى وَالۡمَسٰكِيۡنِ وَابۡنِ السَّبِيۡلِ (البقرۃ:215/2)

”جو مال بھی تم خرچ کرو، اپنے والدین پر، انتہائی قریبی رشتے داروں پر، یتیموں پر، مسکینوں اور (لٹے پٹے) مسافروں پر خرچ کیا کرو۔“

(اول خویش، بعد درویش کی ترتیب ہے)

جب وتر سے سلام پھیریں تو تین مرتبہ کہیں

سُبۡحٰنَ الۡمَلِكِ الۡقُدُّوۡسِ

[نسائی 244/3، ابوداؤد (1430)]

”پاک ہے بادشاہ بہت پاکیزگی والا۔“

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اچھے اخلاق

معاف کرنا سیکھو

243۔ خُذِ الْعَفْوَ

(الأعراف: 199/7)

”درگذر (معاف کرنے کا شیوہ) اختیار کرو۔“

کپڑے صاف رکھو

244۔ وَ ثِیَابَكَ فَطَهِّرْ

(المدثر: 4/74)

”اور اپنے کپڑے پاک وصاف رکھو“

اچھی بات کیا کرو

245۔ وَ قُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا (البقرۃ: 83/2)

”اور تم لوگوں سے اچھی بات کیا کرو“

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سچی اور سیدھی بات کیا کرو

246۔ وَ قُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا　(الأحزاب:70/33)

''اور تم سچی اور سیدھی بات کیا کرو''

نرم بات کیا کرو

247۔ وَ قُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا　(النِّسآء:8/4)

''اور تم (یتیموں سے) نرم بات کیا کرو۔''

نافع بات کیا کرو

248۔ وَ تَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰی

(المجادلة:9/58)

''اور تم نیکی اور تقوی کی باتیں کیا کرو''

سرگوشی سے بچو

249۔ اِنَّمَا النَّجْوٰی مِنَ الشَّیْطٰنِ

(المجادلة:10/58)

''درحقیقت سرگوشی تو ایک شیطانی کام ہے (لہٰذا اپنے بھائیوں کے خلاف کانوں میں باتیں نہ کہو)''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عہد پورا کیا کرو

250۔ اَوْفُوْا بِالْعَهْدِ　(بنی اسراءیل:34/17)

”تم عہد کی پابندی کرو“

عہد کے بارے میں پوچھ ہوگی

251۔ إِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا

(بنی اسراءیل:34/17)

”بیشک عہد کے بارے میں تم سے جواب طلب کیا جائے گا۔“

عمل کر کے دکھاؤ

252۔ لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ

(الصف:2/61)

”تم کیوں وہ بات کہتے ہو جو تم کرتے نہیں ہو“

معاف کرنا اور اصلاح کرنا

253۔ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ

(الشوریٰ:40/42)

”پس جو کوئی (زیادتی کرنے والے کو) معاف کردے اور اصلاح

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرے (صلح صفائی کی طرف قدم بڑھائے) تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے"

صبر اور معافی نیکوں کا شیوہ

254۔ وَ لَمَنْ صَبَرَ وَ غَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ (الشوریٰ: 43/42)

"اور جو شخص صبر کرلے اور معاف کر دے یقیناً یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ایک کام ہے"

انصاف کی بات کہو

255۔ وَ اِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَ لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى (الانعام: 152/6)

"اور جب تم بات کہو، عدل (انصاف) کی کہو خواہ معاملہ اپنے قریبی (رشتہ دار) کا ہی کیوں نہ ہو"

میانہ روی

256۔ وَ اقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ (لقمٰن: 19/31)

"اور تم اپنی چال میں میانہ روی اختیار کرو۔"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ناپ تول میں پورا انصاف کرو

257۔ وَ اَوْفُوا الْكَيْلَ وَ الْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ

(الانعام:152/6)

''اور تم ناپ تول میں پورا انصاف کرو (ڈنڈی نہ مارو)

بھلے کاموں میں کامیابی ہے

258۔ وَ افْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

(الحج:77/22)

''اور تم نیک کام کیا کرو، اسی سے توقع کی جاسکتی ہے کہ تمہیں کامیابی ملے گی۔''

احسان کرو

259۔ وَ اَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَيْكَ

(القصص:77/28)

''اور (لوگوں کے ساتھ) احسان کرو جس طرح اللہ نے تمہارے اوپر احسان کیے ہیں (ان کی جان و مال سے مدد کرو)''

نرم لہجہ

260۔ وَ اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ (لقمٰن:19/31)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

’’ اور تم اپنی آواز کو پست رکھو‘‘

انصاف اور پرہیزگاری

261۔ اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى (المآئدة:8/5)

’’تم انصاف کیا کرو، یہ پرہیزگاری کے بہت ہی قریب ہے‘‘

شکرگذاری کا صلہ

262۔ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ (ابراهيم:7/14)

’’(رب رحیم کا فرمان) اگر تم شکرگذار بنو گے تو میں تم کو اور زیادہ عطا کروں گا‘‘

ناشکری کی سزا

263۔ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِىْ لَشَدِيْدٌ

(ابراهيم:7/14)

’’اور اگر تم کفران نعمت کروگے تو بے شک میرا عذاب بہت سخت ہے‘‘

رزق حلال اور اچھے کام

264۔ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا

(المؤمنون:51/23)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''تم پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور صالح اعمال سرانجام دو (نیک اعمال کی توفیق اسی وقت ملے گی جب رزق حلال کھاؤ گے)''

نیک کام اور مدد

265۔ (ا) وَ تَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَ التَّقْوٰى

(المائدۃ:2/5)

''اور تم آپس میں مدد کرو نیک اور پرہیزگاری کے کاموں میں''

(ب) وَ لَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَ الْعُدْوَانِ

(المائدۃ:2/5)

''اور جو گناہ اور زیادتی کے کام ہیں تم ان میں کسی کے ساتھ تعاون نہ کرو۔''

اچھی باتیں پھیلاؤ

266۔ وَ اْمُرْ بِالْعُرْفِ　(الأعراف:199/7)

''اور اچھی باتوں کو پھیلاؤ''

صلح وصفائی رکھو

267۔ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِكُمْ

(الانفال:1/8)

''پس تم ہمیشہ اللہ سے ڈرتے رہو اور آپس میں صلح وصفائی رکھو۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلمان بھائیوں میں صلح کراؤ

268۔ إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوْا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ (الحجرات:10/49)

''درحقیقت مومن بھائی بھائی ہیں پس (اگر آپس میں رنجش ہو جائے) تو تم اپنے بھائیوں کے درمیان صلح وصفائی کرا دو''

گھر سے نکلتے وقت کی دعا

بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ

اللہ کے نام سے نکلتا ہوں، اللہ کی توفیق کے سوا نہ کچھ کرنے کی طاقت ہے اور نہ کسی چیز سے بچنے کی۔

گھر میں داخل ہوتے وقت بِسْمِ اللهِ پڑھیے

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو بندہ گھر داخل ہوتے وقت اور کھانے کے وقت اللہ کا ذکر کرتا ہے۔ (یعنی بِسْمِ اللهِ پڑھتا ہے) تو شیطان اس گھر سے نہ کھا سکتا ہے اور نہ رات بسر کر سکتا ہے۔ (مسلم: 2018)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والدین

269۔ وَ قَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا

(بنی اسرائیل:23/17)

"اور تیرے رب نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو (غور کرو کہ حقوق اللہ کے بعد حقوق العباد میں سرفہرست والدین ہیں)"

اُف بھی نہ کہو

270۔ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ (بنی اسرائیل:23/17)

"اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں اُف تک نہ کہو"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ جھڑکو

271۔ وَلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا

(بنی اسراءیل: 23/17)

''اور نہ ہی ان کو جھڑک کر جواب دو، بلکہ ان کے ساتھ ادب سے نرم بات کرو''

عاجزی اور تواضع

272۔ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ

(بنی اسراءیل: 24/17)

''عاجزی اور محبت کے ساتھ اُن کے سامنے تواضع کا بازو پست کیے رکھو''

ان کے لیے دعا کرتے رہو

273۔ وَ قُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا

(بنی اسراءیل: 24/17)

''(اور اللہ کے حضور ان کے لیے اس طرح دعا کیا کرو) اے رب!

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُن پر رحم فرما جس طرح انہوں نے رحمت وشفقت کے ساتھ مجھے بچپن میں پالا پوسا ہے۔''

(سبحان اللہ! رب نے خود ہی ان کے لیے دعا بھی سکھا دی)

والدین کے لیے رحمت کی دعا

274۔ رَبَّنَا اغْفِرْلِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ (ابراھیم:14/41)

''اے ہمارے رب! مجھے اور میرے ماں باپ کو بخش دے اور تمام مومنوں کو، جس دن حساب قائم ہوگا۔''

مشرک والدین

275۔ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا

(لقمن:31/15)

''اور اگر والدین تجھ پر دباؤ ڈالیں کہ تو کسی کو میرا شریک بنائے جس کی کوئی دلیل نہیں ہے تو ان کی بات نہ ماننا البتہ دنیا میں ان کے ساتھ نیک برتاؤ کرنا (اسلام حسن اخلاق کی تعلیم دیتا ہے)۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دنیاوی زندگی میں حسنِ سلوک

276۔ وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا

(لقمٰن:15/31)

''ہاں! دنیا میں اُن (دونوں یعنی ماں باپ) کے ساتھ نیک برتاؤ کرتے رہو۔'' (اسلام نے والدین کو خوب عزوشرف سے نوازا ہے لہٰذا اس کی بلند تعلیمات پر غور کرو)

نماز میں سلام کے بعد کی دعائیں

قدرے بلند آواز سے اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہیں پھر تین مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ کہیں پھر

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

''اے اللہ تو ہی سلامتی والا ہے اور سلامتی تجھ ہی سے ہے اے بزرگی و عزت والے تو برکت والا ہے۔'' [مسلم(591) نسائی 67/3]

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَ شُكْرِكَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِكَ

[ابوداؤد(1522) نسائی 53/3]

''اے اللہ اپنا ذکر اور شکر کرنے اور اپنی اچھی عبادت کرنے پر میری مدد فرما۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کامیاب لوگ

کامیاب لوگ

277۔ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ کِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ فَیَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا کِتٰبِیَهْ ٥ اِنِّیْ ظَنَنْتُ اَنِّیْ مُلٰقٍ حِسَابِیَهْ ٥ فَهُوَ فِیْ عِیْشَةٍ رَّاضِیَةٍ

(الحاقة:69/19-20)

''اس وقت جس کا نامۂ اعمال سیدھے ہاتھ میں دیا جائے گا (وہ کامیابی کی علامت ہوگا) تو وہ کہے گا لو پکڑو، میرا اعمال نامہ پڑھو۔ یقیناً میں نے سمجھ لیا تھا کہ بے شک میں اپنے حساب سے ملنے والا ہوں۔ وہ دل پسند راحت وخوشی میں ہوگا۔''

مومن کے لیے کامیابی ہے

278۔ بَلٰی مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَ هُوَ مُحْسِنٌ (البقرة:2/112)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''سنو! جو بھی اپنے آپ کو خلوص کے ساتھ اللہ کے سامنے جھکا دے۔''

279۔ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ وَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (البقرۃ:112/2)

''بے شک اس کا اجر اس کے رب کے پاس ہے، ایسے لوگوں کے لیے کوئی خوف نہیں ہے اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔''

سب سے پہلے مومن

280۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ (البقرۃ:285/2)

''رسول ﷺ اس ہدایت پر ایمان لائے جو ان کے رب کی طرف سے ان پر نازل ہوئی اور مومنوں یعنی رسول ﷺ کے ساتھیوں (صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) نے بھی اس ہدایت کو دل سے تسلیم کر لیا۔''

ایمان کس چیز پر؟

281۔ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ (البقرۃ:285/2)

''یہ سب اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسولوں کو مانتے ہیں۔''

رسولوں میں تفریق نہیں کرنی چاہیے

282۔ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ

(البقرۃ: 285/2)

''ہم اس کے رسولوں میں سے کسی میں بھی تفریق نہیں کرتے۔''

(یہ سب اللہ کے سچے اور مخلص بندے تھے)

کامیابی کا راستہ

283۔ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ (البقرۃ: 186/2)

''شاید کہ وہ راہ راست پالیں۔''

(اور دنیا و آخرت میں کامیاب ہو جائیں)

کامیابی کا آسان ترین راستہ

284۔ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا (الشمس: 9/91)

''یقینا کامیاب ہو گیا وہ جس نے نفس سنوار لیا۔ (اسے کفر، شرک اور حسد و بغض وغیرہ سے بچا کر اسلام اور توحید سے مزین کر لیا)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ناکام لوگ

285۔ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِیَ کِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ فَیَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ لَمْ اُوْتَ کِتٰبِیَهْ (الحاقة:25/69)

''اور جس کا اعمال نامہ اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا (جو ناکامی کی علامت بن جائیگا) وہ (حسرت و افسوس سے) کہے گا کاش میرا اعمال نامہ مجھے نہ دیا گیا ہوتا۔''

افسوس صد افسوس مگر......!

286۔ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِیَهْ (الحاقة:26/69)

''اور میں نہ جانتا کہ میرا حساب کیا ہے؟''

اے کاش! دنیا کی موت ہی کافی ہوتی

287۔ یٰلَیْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِیَةَ (الحاقة:27/69)

''کاش! میری وہی موت (جو دنیا میں آئی تھی) فیصلہ کن ہوتی۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میرا مال کچھ کام نہ آیا

288۔ مَآ اَغْنٰى عَنِّىْ مَالِيَهْ (الحاقة:28/69)

''میرا مال میرے کچھ کام نہ آیا۔''

ٹھاٹ باٹ ختم ہو جائے گی

289۔ هَلَكَ عَنِّىْ سُلْطٰنِيَهْ

(الحاقة:29/69)

''میری حکومت (اقتدار، دھن دولت) ہلاک ہو گئی۔''

عبرتناک انجام

290۔ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ (الحاقة:30/69)

''(اے فرشتو!) پکڑو (اس سرکش کو) اور اس کی گردن میں طوق ڈال دو۔''

آخری ٹھکانہ

291۔ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ (الحاقة:31/69)

''پھر اس (سرکش وباغی) کو آگ میں پھینک دو۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انسان کی انتہائی غفلت

292۔ يَآ اَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ (الانفطار:6/82)

''اے انسان! تجھے تیرے مہربان رب کے بارے میں کس چیز نے فریب دیا؟'' (دھوکے میں ڈال رکھا ہے؟)

انسان کی لاعلمی

293۔ وَ مَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّا ذَا تَكْسِبُ غَدًا (لقمٰن:34/31)

''اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ کل وہ کیا کمائی کرنے والا ہے۔''

(کسی کو اپنے مستقبل کی کوئی خبر نہیں ہے)

موت سے لاعلمی

294۔ وَ مَا تَدْرِيْ نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ (لقمٰن:34/31)

''اور کسی کو خبر نہیں کہ کس زمین میں وہ مرے گا۔''

(ہوائی جہاز میں، گاڑی میں، گھر میں، بازار یا ہسپتال میں)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ناکامی کا راستہ

295۔ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا (الشمس:10/91)

''اور نامراد ہوا وہ جس نے اسے خاک میں ملا دیا۔''
(گمراہی اور کفر کے راستے پر چل پڑا)

نماز کے بعد اذکار

33 مرتبہ	سُبْحَانَ اللّٰهِ
33 مرتبہ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
33 مرتبہ	اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اور سو کا عدد پورا کرنے کے لیے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

یہ دعا پڑھنے والے کے گناہ اگر سمندر کی جھاگ کے برابر بھی ہوں تو معاف کردیے جائیں گے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ کن لوگوں کو پسند فرماتا ہے

احسان، نیکی کرنے والے

296۔ وَ اَحۡسِنُوۡا اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ

(البقرۃ: 195/2)

''اور تم (لوگوں کے ساتھ) احسان وسلوک کیا کرو، اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔''

توبہ اور پاکیزگی اختیار کرنے والے

297۔ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیۡنَ وَ یُحِبُّ الۡمُتَطَہِّرِیۡنَ

(البقرۃ: 222/2)

''بلاشبہ اللہ تعالیٰ بہت زیادہ توبہ کرنے والوں اور پاکیزگی اختیار کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔'' (محبوب رکھتا ہے)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صبر کرنے والے

298۔ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ

(اٰلِ عمرٰن:146/3)

''اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے۔''

(جو مصائب پر اور دشمن کے مقابلے میں ثابت قدم رہتے ہیں)

اللہ پر بھروسہ رکھنے والے

299۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ

(اٰلِ عمرٰن:159/3)

''بلاشبہ اللہ کو وہ لوگ محبوب ہیں جو اسی پر بھروسہ کرتے ہیں۔''

امانتوں اور وعدوں کا پاس رکھنے والے

300۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَ عَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ

(المؤمنون:8/23)

''اور (مومن تو وہ ہیں) جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد و پیمان کا پاس ولحاظ رکھتے ہیں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ کے لیے انصاف کرنے والے

301۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ

(المآئدۃ:42/5)

''بلاشبہ اللہ ان لوگوں کو پسند کرتا ہے جو انصاف کرتے ہیں۔''

ہر وقت اللہ سے ڈرنے والے

302۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ (التوبۃ:7/9)

''یقیناً اللہ پرہیزگاروں کو پسند کرتا ہے۔''

دشمن کے مقابلے میں ڈٹ جانے والے

303۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ

(الصف:4/61)

''بے شک اللہ کو تو وہ لوگ پسند ہیں جو اس کی راہ میں اس طرح صف بستہ لڑتے ہیں گویا کہ وہ ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سچی گواہی

304۔ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ قَآئِمُوْنَ

(المعارج:70/33)

''اور (نیک بندے وہ ہیں) جو اپنی گواہیوں پر قائم رہتے ہیں۔'' (سچ سچ گواہی دیتے ہیں)

احسان کرنے والوں سے اللہ کی محبت

305۔ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ

(العنکبوت:29/69)

''اور بے شک اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کے ساتھ ہے۔''

اللہ تعالیٰ کی مدد کے مستحق لوگ

306۔ اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ

(محمد:47/7)

''اگر تم اللہ کی مدد کرو گے (کلمہ حق بلند کرو گے) وہ تمھاری مدد کرے گا اور (دشمنوں کے مقابلے میں) تمھیں ثابت قدم رکھے گا۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صاحب بصیرت لوگ

307۔ وَ يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ (اٰلِ عمرٰن:191/3)

''اور وہ آسمانوں اور زمین کی ساخت میں غور وفکر کرتے ہیں۔''

وہ پکار اٹھتے ہیں

308۔ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (اٰلِ عمرٰن:191/3)

''اے ہمارے رب! آپ نے یہ (کائنات) بیکار پیدا نہیں کی آپ ہر عیب سے پاک ہیں، پس دوزخ کی آگ سے (محض اپنی رحمت سے) ہمیں بچا لیجیے۔''

قابل ستائش لوگ

309۔ وَ يَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ (الرعد:22/13)

''اور وہ برائی کو بھلائی سے دفع کرتے ہیں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مومن خواتین وحضرات آپس میں ہمدرد ہیں

310۔ وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ (التوبة:71/9)

''مومن مرد اور مومن عورتیں ایک دوسرے کے ہمدم اور رفیق ہیں۔''

کفار پر سخت اور آپس میں ہمدرد

311۔ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

(الفتح:29/48)

''(ایمان والے) کفار پر سخت اور آپس میں بہت مہربان ہیں۔''

صبح کی نماز کے بعد یہ دعا ضرور پڑھیے

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کی نماز ادا کر لیتے تو کہتے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَّ عَمَلًا مُتَقَبَّلًا وَّ رِزْقًا طَيِّبًا

''اے اللہ میں تجھ سے مفید علم، مقبول عمل اور پاکیزہ رزق کا سوال کرتا ہوں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ کن لوگوں کو پسند نہیں کرتا

زیادتی کرنے والے

312۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ

(البقرۃ: 190/2)

"بلاشبہ اللہ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔"

انکار کرنے والے

313۔ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ

(آلِ عمرٰن: 32/3)

"پس یقیناً اللہ تعالیٰ (شریعت کا) انکار کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔"

تکبر کرنے والے

314۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرًا

(النسآء: 36/4)

"درحقیقت اللہ تعالیٰ غرور کرنے والے اور شیخی خور کو پسند نہیں کرتا۔"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خیانت کرنے والے

315۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ

(الأنفال:58/8)

''بے شک اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتا۔''

ظلم کرنے والے

316۔ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ

(آلِ عمرٰن:57/3)

''اور اللہ تعالیٰ ظلم کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔''

فساد کرنے والا

317۔ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ

(المآئدة:64/5)

''اور اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔''

فضول خرچی کرنے والا

318۔ وَلَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ

(الانعام:141/6)

''اور تم فضول خرچی نہ کرو، بے شک اللہ تعالیٰ فضول خرچی کرنے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والوں کو پسند نہیں کرتا۔"

شیخی مارنے والا

319۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ
(القصص:76/28)

"یقیناً اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔"

جنھوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا

320۔ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ
(الزمر:53/39)

"(اے نبی ﷺ) کہہ دیجیے اے میرے بندو! جنھوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ہے۔" (جن سے خطائیں سرزد ہوئی ہیں)

اللہ کی رحمت سے مایوسی منع ہے

321۔ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ط (الزمر:53/39)

"اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو جاؤ۔"

(اللہ توبہ کرنے والے کے تمام گناہ معاف کر دیتا ہے۔)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فضول خرچ

322۔ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ (بنی اسراءیل: 27/17)

''بے شک فضول خرچ شیطانوں کے بھائی ہیں۔''

سرکشی کرنے والے اور ان کا ٹھکانا

323۔ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا (النّٰزعٰت: 38،37/79)

''اور جس نے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی۔''

324۔ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى (النّٰزعٰت: 39/79)

''تو یقیناً جہنم ہی اس کا ٹھکانا ہوگا۔ (وہ دہکتی آگ میں رہے گا)

غصے کے وقت پڑھنے کی دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

''میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سب سے بڑا گناہ

شرک ظلم عظیم ہے

325۔ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ (لقمن: 13/31)

''اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو (وہ تنہا اس کائنات کا مالک ہے)

326۔ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ

(لقمن: 13/31)

''بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے۔''

میں مشرک نہیں ہوں

327۔ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا

(الکہف: 38/18)

''میرا رب تو وہی میرا اللہ ہے اور میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشرک کے لیے جنت حرام

328۔ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ (المائدۃ:72/5)

''بے شک جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا، تو یقیناً اس پر اللہ نے جنت حرام کر دی۔''

سونے کی دعا

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَ اَحْيَا

[بخاری، 6312، ابوداؤد: 5049]

''اے اللہ میں تیرے نام کے ساتھ زندہ رہتا اور مرتا ہوں۔''

نیند سے بیدار ہونے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَ اِلَيْهِ النُّشُوْرُ

''تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں، جس نے ہمیں سلانے کے بعد جگا دیا اور اسی کی طرف (قیامت کے دن) زندہ ہو کر جانا ہے۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جن کاموں سے بچنا چاہیے

اسراف (بے ضرورت) خرچ کرنا

329۔ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ

(الانعام: 141/6)

"بے شک (اللہ تعالیٰ) کو بے ضرورت خرچ کرنے والے پسند نہیں ہیں۔"

فضول خرچی

330۔ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا

(بنی اسراءیل: 26/17)

"اور فضول خرچی نہ کیا کرو۔" (غور کرو! اسلام دولت کی حفاظت کا حکم دیتا ہے کہ وہ غرباء و مساکین کا حق ہے)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فضول خرچ کون ہیں؟

331۔ اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ (بنی اسراءیل:27/17)

”یقیناً فضول خرچ لوگ تو شیاطین کے بھائی ہیں۔“

تکبر

332۔ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ (الحدید:23/57)

”اور اللہ تعالیٰ کو ایسے لوگ پسند نہیں ہیں جو اتراتے ہیں اور اپنی بڑائی مارتے ہیں۔“

ریا (دکھلاوا)

333۔ لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ (البقرۃ:264/2)

”تم اپنے صدقات و خیرات کو احسان جتلا کر اور تکلیف پہنچا کر (یعنی جس کو صدقہ دیا، اس کو برا بھلا بھی کہہ دیا) اس شخص کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرح خاک میں نہ ملا دو جو اپنا مال محض لوگوں کے دکھانے کے لیے خرچ کرتا ہے۔
(اس کی یہ کوشش محض شہرت اور ناموری کے لیے ہے، اس کا اللہ پر ایمان اور نہ آخرت میں جوابدہی کا یقین ہے)

بڑائی

334۔ فَلَا تُزَكُّوا أَنْفُسَكُمْ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقَى (النجم:32/53)

"تم اپنے آپ کو پاک نہ سمجھو (نہ چال سے اور نہ قول سے) اللہ ہی خوب بہتر جانتا ہے کہ کون پرہیزگار ہے۔"

بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی سے بچنا

335۔ وَالَّذِينَ يَجْتَنِبُونَ كَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ (الشورٰی:37/42)

"اور (مومن وہ ہیں) جو بڑے بڑے گناہوں (جیسے کفر و شرک) اور بے حیائی سے بچتے ہیں۔"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غصے اور غضب سے بچنا

336۔ وَ اِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ

(الشوریٰ: 37/42)

''اور جب انھیں غصہ آتا ہے تو وہ معاف کر دیتے ہیں۔''

حسد

337۔ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

(الفلق: 5/113)

''اور (اللہ کی پناہ مانگتا ہوں) ہر حسد کرنے والے کے حسد سے۔''

سختی صرف میدان جنگ میں ہے

338۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ

(الفتح: 29/48)

''محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں (اور خاتم النبیین ہیں) اور ان کے ساتھی (صحابہ کرامؓ) کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں مہربان ہیں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بزدلی

339۔ اَتَخۡشَوۡنَهُمۡ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنۡ تَخۡشَوۡهُ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ (التوبۃ:13/9)

''کیا تم ان (کفار و منافقین) سے ڈرتے ہو؟ اگر تم مومن ہو تو اللہ اس کا زیادہ مستحق ہے کہ تم اس سے ڈرو۔''

دل شکستگی منع ہے

340۔ فَمَا وَهَنُوۡا لِمَاۤ اَصَابَهُمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ (آل عمرٰن:146/3)

''اللہ کی راہ میں جو مصیبتیں اُن پر پڑیں ان سے وہ دل شکستہ نہ ہوئے (بلکہ ان کے حوصلے بلند رہے)

بخل (کنجوسی)

341۔ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخۡتَالٍ فَخُوۡرِ ۙ الَّذِيۡنَ يَبۡخَلُوۡنَ وَ يَاۡمُرُوۡنَ النَّاسَ بِالۡبُخۡلِ (الحدید:23/57)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اور اللہ کسی اترانے والے شیخی مارنے والے کو پسند نہیں کرتا (وہ ایسے لوگ ہیں کہ) خود بھی بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بھی بخل کی ترغیب دیتے ہیں۔''

حرص وطمع

342۔ وَ مَنْ یُّوْقَ شُحَّ نَفْسِہٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (التغابن: 16/64)

''اور جو کوئی محفوظ رہا حرص نفس سے تو یہی لوگ کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔''

بے ایمانی (رشوت وغیرہ)

343۔ لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ (النساء: 29/4)

''تم آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق طریقے سے مت کھاؤ۔''

اللہ کے ذکر سے غفلت۔ دل کی سختی

344۔ فَوَیْلٌ لِّلْقٰسِیَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''پس تباہی ہے ان کے لیے جن کے دل اللہ کی یاد سے (اثر نہیں لیتے بلکہ) سخت ہو گئے ہیں۔'' (الزمر:22/39)

شکم پروری (پیٹ میں ضرورت سے زائد ڈالنا)

345۔ وَ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَ لَا تُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ (الأعراف:31/7)

''اور تم کھاؤ اور پیو مگر حد سے نہ بڑھو کیونکہ اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔''

بے حیائی

346۔ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّ سَآءَ سَبِيْلًا (بنی اسراءیل:32/17)

''اور تم بے حیائی کے قریب بھی نہ پھٹکو کیونکہ وہ انتہائی فحش اور غلط راستہ ہے۔''

غیبت

347۔ وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ

(الحجرات:12/49)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"اور تم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے۔ (پیٹھ پیچھے برائی نہ کرے)

تجسس (ٹوہ لگانا)

348۔ وَلَا تَجَسَّسُوْا (الحجرات:12/49)

"اور تم ٹوہ مت لگاؤ۔"

(یعنی مسلمانوں کے عیبوں اور کمزوریوں کو مت تلاش کرو۔)

احکام میں خیانت نہ کرو

349۔ لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ...

(الانفال:27/8)

"تم اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیانت نہ کرو۔"

(اللہ کے احکام پورے دل و جان سے مانو اور سنتِ رسولؐ کی پوری طرح پیروی کرو۔)

امانتوں میں خیانت

350۔ ... وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ

(الانفال:27/8)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"اور نہ اپنی امانتوں میں خیانت کرو (کہ اس سے معاشرتی زندگی میں بگاڑ پیدا ہوگا) (آیت کے پہلے حصے کے تحت ہے)

شیطان کی پیروی سے بچو

351۔ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ

(النور:21/24)

"تم شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو (کیونکہ وہ رب کا نافرمان ہے)

برائی اور بے حیائی

352۔ وَ مَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ (النور:21/24)

"اور جو شیطان کے قدموں (راستوں) کی پیروی کرے گا (اسے جان لینا چاہیے) کہ وہ تو فحش اور بدی ہی کا حکم دیتا ہے۔"

اللہ کے سوا معبود مت ٹھہراؤ

353۔ وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

(الذٰریٰت:51/51)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اور تم اللہ کے ساتھ کوئی معبود نہ ٹھہراؤ'' (کیونکہ اس پوری کائنات کا اللہ تعالیٰ ہی تنہا مالک ہے۔)''

لوگوں سے نہ ڈرو اللہ ہی سے ڈرو

354۔ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ (المآئدۃ:3/5)

''(رب کا فرمان) پس تم لوگوں سے نہ ڈرو، بلکہ مجھ ہی سے ڈرو۔''

(کیونکہ نفع ونقصان کا صرف وہی مالک ہے)

اللہ کی رحمت پر تعجب نہ کرو، وہ تو بہت وسیع ہے

355۔ اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ عَلَيْكُمْ (هود:73/11)

''کیا تم اللہ کے حکم سے تعجب کرتی ہو؟ تم پر اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں۔''

ان شاء اللہ کہا کرو

356۔ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَایْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۝ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ (الكهف:23/18)

''اور کسی کام میں ہرگز یہ نہ کہنا کہ بے شک میں کل کروں گا۔ مگر یہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ اللہ چاہے یعنی (یوں کہا کرو کہ ان شاء اللہ میں کل اپنا کام کروں گا وغیرہ، یعنی مستقبل کے لیے ان شاء اللہ کہنا ضروری ہے)

بے لگام لوگوں کی پیروی نہ کرو

357۔ وَلَا تُطِيعُوٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ

(الشعرآء:151/26)

''اور تم بے لگام لوگوں کی اطاعت نہ کرو۔'' (جو کسی قانون قاعدے کے پابند نہیں ہیں اور ان کا شیوہ زمین میں فساد پھیلانا ہے۔)

ریاکاری، دکھاوا

358۔ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّ رِئَآءَ النَّاسِ (الانفال:47/8)

''اور تم ان (کافروں) جیسے نہ بنو جو مارے شیخی کے لوگوں کو دکھانے کے لیے گھر سے نکل پڑے۔

(بلکہ تم لوجہ اللہ سارے اعمال سرانجام دو)

حسد

359۔ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۚ (النسآء: 32/4)

”اور جو کچھ اللہ نے تم میں سے کسی کو دوسروں کے مقابلے میں زیادہ دیا ہے اس کی تمنا نہ کرو (حسد نہ کرو بلکہ جو تمھیں عطا کیا گیا ہے، اس پر اللہ کا شکر ادا کرتے رہو)

کھلی اور چھپی برائیوں سے پرہیز

360۔ لَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ (الانعام: 151/6)

”تم بے حیائی کی باتوں کے قریب بھی نہ جاؤ خواہ وہ کھلی ہوں یا چھپی“ (جیسا کہ جھوٹ، دھوکہ کھلی برائی ہے جب کہ حسد و بغض چھپی برائی ہے)

پھوٹ ڈالنے سے بچو

361۔ وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ (الانفال: 46/8)

”اور تم (مسلمانو!) آپس میں جھگڑو نہیں ورنہ تمہارے اندر کمزوری پیدا ہو جائے گی اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی (کاش کہ امت مسلمہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس نصیحت پر عمل پیرا ہو جائے اور ذلت وخواری سے نجات پا جائے)

ناحق قتل

362۔ لَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۚ (النِّسَآء:29/4)

''اپنی جانوں کو (ناحق) ہلاک نہ کیا کرو (کہ یہ جان اللہ تعالیٰ نے بڑی قیمتی بنائی ہے)

ہلاکت

363۔ وَاَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ (البَقَرة:195/2)

''اور تم اللہ کی راہ میں خرچ کیا کرو اور اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو (دولت سمیٹ سمیٹ کر رکھنا اور اس کا پجاری بن کر غرباء ومساکین پر خرچ نہ کرنا سراسر ہلاکت ہے)

سستی اور غم

364۔ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (آلِ عمرٰن:139/3)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اور تم سستی نہ دکھاؤ اور نہ ہی غم کھاؤ کیونکہ تم ہی سر بلند ہو گے اگر تم ایمان رکھتے ہو۔''

مردوں کا آپس میں مذاق اڑانا

365۔ لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ (الحجرات:11/49)

''نہ مرد دوسرے مردوں کا (حقارت سے) مذاق اڑائیں، ہوسکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں۔'' (جن کا مذاق اڑایا گیا ہے۔)

مذاق اڑانا (عورتوں کا آپس میں)

366۔ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ (الحجرات:11/49)

''اور نہ عورتیں (حقارت سے) دوسری عورتوں کا مذاق اڑائیں، ہوسکتا ہے کہ وہ ان سے بہتر ہوں۔'' (جن کا مذاق اڑایا گیا ہے)

طعن کرنا

367۔ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ (الحجرات:11/49)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اور تم آپس میں ایک دوسرے پر طعن نہ کرو۔''
(اشارے یا زبان سے کسی کو ملامت نہ کرو)

برے القاب سے یاد کرنا

368۔ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ

(الحجرات: 11/49)

''اور تم ایک دوسرے کو برے القاب سے یاد نہ کرو (کسی کو اندھا، لنگڑا، فاسق، منافق وغیرہ کہنا)

فتنہ وفساد

369۔ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ

(البَقَرۃ: 60/2)

''اور تم زمین میں فساد نہ پھیلاتے پھرو۔''
(اس سے معاشرتی زندگی بے سکون ہو جائے گی۔''

اظہار پاکیزگی

370۔ فَلَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى

(النجم: 32/53)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''پس تم اپنے نفس کی پاکیزگی کا دعویٰ نہ کیا کرو، وہی بہتر جانتا ہے
کہ واقعی متقی کون ہے؟''

قومی امانت کا خیال رکھنا

371۔ وَ مَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ (آلِ عمرٰن:161/3)

''اور جو کوئی (قومی امانت میں سے) خیانت کرے گا تو وہ اپنی
خیانت سمیت قیامت کے روز حاضر ہو جائے گا''
(اور خیانت کی سزا پائے گا)

ناجائز ذرائع آمدنی

372۔ وَ لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَ تُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَ اَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ (البقرۃ:188/2)

''اور تم لوگ نہ تو آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے
سے کھاؤ اور نہ حاکموں کے آگے ان کو اس غرض کے لیے پیش کرو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

کہ تمھیں دوسروں کے مال کا کوئی حصہ قصداً ظالمانہ طریقے سے کھانے کا موقع مل جائے اور تم جانتے ہو۔''

چوری

373۔ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا (المآئدۃ:38/5)

''اور چور، خواہ عورت ہو یا مرد، دونوں کے ہاتھ کاٹ دو۔''

سود

374۔ لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً (اٰلِ عمرٰن:130/3)

''تم بڑھتا چڑھتا سود نہ کھاؤ۔''

شراب، جوا، وغیرہ

375۔ اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ (المآئدۃ:90/5)

''درحقیقت یہ شراب اور جوا، یہ چڑھاوے کے بت اور پانسہ یہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سب گندے شیطانی کام ہیں، پس تم ان سے پرہیز کرو۔

خسارے سے بچنے کا نسخہ

376۔ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ

(العصر:2/103)

''انسان درحقیقت خسارے میں ہے۔''

377۔ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

(العصر:3/103)

''صرف (اس خسارے سے وہ لوگ بچ سکتے ہیں) جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے۔''

378۔ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ

(العصر:3/103)

553۔ وَ اَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ
(البقرۃ:282/2)

''اور اللہ نے تجارت کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام۔''

کسی حال میں بھلائی کرنا نہ بھولو۔

554۔ وَ لَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ؕ
(البقرۃ:237/2)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

”اور تم کسی حال میں بھی ایک دوسرے سے بھلائی کرنا نہ بھولو۔“

نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے

555۔ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ

(البقرۃ: 279/2)

”نہ تم کسی پر ظلم کرو، نہ تم پر ظلم کیا جائے۔“

گواہی کو نہ چھپاؤ

556۔ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ط (البقرۃ: 283/2)

”اور تم گواہی کو نہ چھپاؤ۔“

557۔ وَمَن يَّكْتُمْهَا فَإِنَّهٗ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ط

(البقرۃ: 283/2)

”اور جو شخص گواہی کو چھپاتا ہے اس کا دل گناہ میں آلودہ ہے۔“

فرقوں میں نہ بٹو

558۔ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا

(اٰلِ عمرٰن: 105/3)

”کہیں تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جو فرقوں میں بٹ گئے۔“

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

ب۔ وَاخْتَلَفُوْا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَ هُمُ الْبَيِّنٰتُ (آلِ عمرن:105/3)

''اور انھوں نے کھلی کھلی واضح ہدایات پانے کے بعد پھر اختلاف کیا۔''

جسم، کان اور آنکھوں کی حفاظت کے لیے دعا

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

''اے اللہ! مجھے میرے بدن میں عافیت دے، اے اللہ! مجھے میرے کانوں میں عافیت دے، اے اللہ! میری آنکھوں میں عافیت دے، تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ (سنن ابی داؤد:5090)

فقر وفاقہ سے پناہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

''اے اللہ میں کفر اور فقر سے تیری پناہ پکڑتا ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود (برحق) نہیں۔'' (ابوداؤد:324/4)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآنی آیات بمعہ منظوم ترجمہ

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (البقرۃ: 218/2)

بلاشبہ جو ایمان لائے (اللہ تعالٰی کو صدق دل سے رب واحد مان کر رسول اللہ ﷺ کے اسوۂ حسنہ پر چل پڑے)

صدق دل سے ہو اللہ پر اور نبیؐ پر اعتقاد
رشتۂ اسلام کا ہو جس سے کامل انعقاد ❶

وَالَّذِیْنَ هَاجَرُوْا

اور جنھوں نے ہجرت کی (محض اللہ کی رضا کے لیے)

وَجَاهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ (البقرۃ: 218/2)

''اور جنھوں نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا۔''

(محض اللہ کا دین سربلند کرنے کے لیے)

لائے جو ایمان اور کیں راہ حق میں ہجرتیں
اور سبقت کی جہادِ فی سبیل اللہ میں

❶ مضبوط ہونا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ

''یہی اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں۔''

وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (البقرۃ:218/2)

''اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا مہربان ہے۔''

ہیں وہی تو رحمت اللہ کے امیدوار

اور وہ ہے رحمتوں والا غفور ولطف کار

اَلَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا

''جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! یقیناً ہم ایمان لا چکے ہیں۔''

فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا (آلِ عمرٰن:16/3)

''اس لیے ہمارے گناہ معاف فرما۔''

ہیں یہی وہ لوگ جو کہتے ہیں یا رب یا اِلٰہ

لائے ہم ایمان، ہمارے بخش دے سارے گناہ

اَلصّٰبِرِينَ (آلِ عمرٰن:17/3)

''صبر کرنے والے۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَالْقَانِتِيْنَ (آلِ عمرٰن:17/3)

''اور فرمانبرداری کرنے والے۔''

صبر کرنا ان کو آتا ہو ہر ایک افتاد[1] پر
شیوہَ فرمانبرداری ہو دین کے ارشاد پر

وَالْمُنْفِقِيْنَ (آلِ عمرٰن:17/3)

''اور (اللہ کی راہ میں) خرچ کرنے والے۔''

وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ (آلِ عمرٰن:18/3)

''اور بوقت سحری رب کے حضور توبہ کرنے والے ہیں۔''

دیتے ہیں خیرات اکثر صاحب حاجات کو
کرتے ہیں یہ توبہ استغفار پچھلی رات کو

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ (آلِ عمرٰن:134/3)

''اور غصے کو پی جانے والے۔''

وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ (آلِ عمرٰن:134/3)

''اور لوگوں کو معاف کردینے والے۔''

---

[1] مصیبت۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غصہ پینے سے نہ کرتے ہوں وہ ہرگز انحراف
دوسروں کی جو خطائیں ہوں انھیں کردیں معاف

اَلَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

(المآئدۃ:55/5)

''جولوگ (پانچ وقت) نمازوں کو پابندی سے ادا کرتے ہیں اور وہ غرباء و مساکین کو) زکوۃ دیتے ہیں۔''

وَهُمْ رَاكِعُوْنَ (جمع راکع) (المآئدۃ:55/5)

''اور وہ (اللہ کے حضور) عاجزی سے جھکنے والے ہیں۔''

جو نمازیں پڑھتے ہیں دیتے ہیں (مالوں کی) زکات
اور جھکتے ہیں، (رب کے سامنے دن ہو کہ رات)

اَلْعَابِدُوْنَ (جمع عابد) (التوبۃ:112/9)

'' عبادت کرنے والے (پوری زندگی اللہ تعالیٰ کی بندگی میں گزارنے والے)

اَلتَّآئِبُوْنَ (جمع تائب) (التوبۃ:112/9)

''توبہ کرنے والے۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْحٰمِدُوْنَ (جمع حامد) (التوبۃ:112/9)

''حمد (باری) کرنے والے۔''

عابدوں ❶ اور تائبوں ❷ میں ان کا ہوتا ہو شمار
حمد کرتے ہوں خالق کی وہ لیل و نہار

اَلرّٰکِعُوْنَ (جمع راکع)

''رکوع کرنے والے۔''

اَلسّٰجِدُوْنَ (جمع ساجد) (التوبۃ:112/9)

''سجدوں میں گرنے والے۔''

جھکنے والے ہوں اللہ کے سامنے شام و سحر
سجدہ کرتے ہوں اسی کے آستانِ پاک پر

اَلسَّآئِحُوْنَ (جمع سائح)

''(بغرض عبرت و موعظت) زمین میں سفر کرنے والے۔''

اَلْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ (التوبۃ:112/9)

''اللہ کی حدود کی حفاظت کرنے والے۔''

---

❶ عبادت گزار۔ ❷ توبہ کرنے والے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیکھنے کو جلوے قدرت کے سیاحت کا ہو شوق

اور حدود اللہ سے بڑھنے کا ہو ہرگز نہ ذوق

اَلْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

''نیک باتوں کا حکم کرنے والے۔''

وَالنَّاھُوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ (التوبة:112/9)

''اور بُری باتوں سے باز رکھنے والے۔''

دوسروں کو دیتے ہوں ترغیب کارِ نیک کی

روک دیتے ہوں بُرائی وقت پر ہر ایک کی

اَلَّذِیْنَ یُوْفُوْنَ بِعَھْدِ اللّٰہِ (الرعد:20/13)

''وہ جو اللہ کے عہد کو پورا کرنے والے ہیں۔''

(احکامِ الٰہی کے پابند ہیں)

وَلَا یَنْقُضُوْنَ الْمِیْثَاقَ (الرعد:20/13)

''اور وہ پختہ وعدے کو نہیں توڑتے۔''

جو کیا عہد اللہ سے، وہ ہو ان کا شِعار ❶

اپنے قول و فعل پر رہتے ہوں ہر دم استوار ❷

---

❶ طریقِ کار　　❷ مضبوط

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَّ یَدۡرَءُوۡنَ بِالۡحَسَنَۃِ السَّیِّئَۃَ (الرعد:22/13)

''اور برائی کا بدلہ نیکی سے دینے والے۔''

وَاِذَا مَرُّوۡا بِاللَّغۡوِ مَرُّوۡا کِرَامًا (الفرقان:72/25)

''اور جب کسی لغو چیز پر ان کا گزر ہوتا ہے تو وہ شرافت سے گزر جاتے ہیں۔''

کرتے ہوں اس سے بھی نیکی ہی جو کرتا ہو بدی
وہ مجالس میں نہیں جاتے برے افراد کی

لَا یَشۡهَدُوۡنَ الزُّوۡرَ (الفرقان:72/25)

''وہ جھوٹی گواہی نہیں دیتے۔''

اِنَّ الَّذِیۡنَ هُمۡ مِّنۡ خَشۡیَۃِ رَبِّهِمۡ مُّشۡفِقُوۡنَ
(المؤمنون:23/57)

''بے شک وہ لوگ جو اپنے رب کے خوف سے ترساں ❶ رہتے ہیں۔''

وہ کبھی کھاتے نہیں جھوٹی گواہی پر قسم
ڈرتے ہی رہتے ہیں وہ خوفِ الٰہی سے دم بدم ❷

❶ ڈرنا　　❷ ہر وقت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَبِيتُونَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا (الفرقان:63/25)

''وہ اپنے رب کے سامنے سجدے اور قیام کرتے ہوئے راتیں گزار دیتے ہیں۔''

وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُمْ بِذِكْرِ اللهِ (الرعد:28/13)

''اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہوتے ہیں۔''

ساری ساری رات رہتے ہوں وہ مشغولِ سجود ❶
مطمئن رکھتا ہے اُن کے دِل کو ہر ذکر وُدود ❷

هُمْ لِفُرُوجِهِمْ حٰفِظُونَ (المؤمنون:5/23)

''وہ اپنے شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔''

وَلَا يَزْنُونَ (الفرقان:68/25)

''وہ بے حیائی کے مرتکب نہیں ہوتے۔''

جتنے نفسانی ہیں اعضا ان کا رکھتے ہیں خیال
بچتے رہتے ہیں زنا ❸ سے دیکھ اس کا مآل ❹

---

❶ سجدے میں

❷ اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں سے ہے، مخلوق سے محبت رکھنے والا۔

❸ بے حیائی، بدکاری   ❹ انجام

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ (المؤمنون:3/23)

''(ایمان والے تو وہ ہیں) جو بری باتوں سے منہ موڑ لیتے ہیں۔''

يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ

(الشوریٰ:37/42)

''وہ کبیرہ گناہوں اور فحاشی (بری باتوں) سے کنارہ کش رہتے ہیں۔''

پھیر کر چلتے ہیں وہ منہ لغو باتوں سے سدا ❶
بھاگتے ہیں ہر گناہ سے ہو وہ چھوٹا یا بڑا

لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا

(القصص:83/28)

''وہ نہ زمین میں بڑائی کے طالب ہوتے ہیں اور نہ فساد برپا کرتے ہیں۔''

وہ بڑا بننے کی نیت سے نہیں کرتے ہیں کام
ان سے دنیا میں نہیں ہوتا ہے شر کا التزام ❷

وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ (الشوریٰ:38/42)

''اور ان کے کام باہمی مشورے سے طے پاتے ہیں۔''

---

❶ ہمیشہ ❷ بندوبست

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يُسْرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ

(المؤمنون:61/23)

''وہ نیکیوں کے لیے بھاگتے ہیں اور ان میں ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔''

مشورہ آپس میں کر لینے کی عادت ہو انھیں
کارہائے خیر میں تعجیل ❶ و سبقت ❷ ہو انھیں

اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا　(الفرقان:67/25)

''جب وہ خرچ کرتے ہیں تو وہ فضول خرچی نہیں کرتے۔''

وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا

(الفرقان:67/25)

''اور وہ نہ تنگی اختیار کرتے ہیں بلکہ راہِ اعتدال اختیار کرتے ہیں۔''

خرچ میں اسراف وہ ہرگز کبھی کرتے نہ ہوں
خرچ جو ہو واقعی، اس میں کمی کرتے نہ ہوں

---

❶ جلدی　❷ آگے بڑھنے کی کوشش

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا (الفرقان:63/25)

''اور (رحمان کے سچے بندے وہ ہیں) کہ جب بے علم لوگ ان سے باتیں کرنے لگتے ہیں تو وہ کہہ دیتے ہیں کہ تم کو سلام (ان سے الجھتے نہیں بلکہ الگ تھلگ ہو جاتے ہیں۔)

جاہل ان سے جب جہالت کا لگیں کرنے کلام
خود الگ ہو جائیں ان سے آخری کر کے سلام

وَ لَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ (الفرقان:68/25)

''اللہ کی حرام کی ہوئی کسی جان کو ناحق ہلاک نہیں کرتے۔''

هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَ عَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ (المومنون:8/23)

''اور وہ اپنی امانتوں اور وعدہ کا پاس کرتے ہیں۔''

بے گناہ کی جان لینے سے ان کو احتراز ❶
عہد پر قائم ہوں اپنے اور امین و پاکباز

---

❶ بچنا۔ بچنا۔ پرہیز

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أُولَٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ (المؤمنون:10/23)

(تو) ایسے ہی لوگ وارث ہیں۔"

الَّذِينَ يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ (المؤمنون:11/23)

"جو (آخرت میں) جنت الفردوس کی میراث پائیں گے۔"

فی الحقیقت وارثِ میراثِ آدمؑ ہیں وہی
پائیں گے میراث جو اللہ سے فردوس کی

فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ (یوسف:101/12)

"اے آسمان و زمین کے پیدا کرنے والے، آپ ہی میرے کارساز ہیں۔ دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی، مجھے اسلام کی حالت میں وفات دیجیے اور مجھے نیکوں میں شامل فرمایے۔

خالقِ ارض و سما پروردگارِ بے نیاز
تو ہی تو دنیا و عقبیٰ میں ہے میرا کارساز
اپنا فرماں بر بنا کر مجھ کو دنیا سے اٹھا
نیک بندوں میں، مجھے کر اپنے داخل اے کبریا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خاتم النبیین محمد رسول اللہ ﷺ کے ارشادات گرامی

احادیثِ رسول ﷺ بمعہ منظوم ترجمہ

1۔ اِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ (بخاری حدیث:1)

"بلا شبہ اعمال کی قبولیت کا دارو مدار نیتوں پر ہے۔"

(صرف وہی اعمال مقبول ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہوں اور سنت نبوی ﷺ کے مطابق ہوں)

ظاہری کردار نیکی کی کسوٹی تو نہیں
کیا تعجب ہے ریاکاری پہ ہو اس کا مدار
کھول ڈالا ہے یہ عقدہ یوں رسولؐ اللہ نے
نیک و بد اعمال کا ہے نیتوں پر انحصار

2۔ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْهِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِهٖ (بخاری حدیث:13)

"کوئی تم میں سے اس وقت تک (کامل) مومن نہیں ہو سکتا، جب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہ بات پسند نہ کرے جو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے۔"

مسلمانو! اسی صورت میں تم ہو اہل ایمان سے
کہ جو الفت ہے اپنے نفس سے، ہو اپنے اِخوان ❶ سے

3۔ اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ (بخاری حدیث:10)

"(سچا) مسلما وہی ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔"

حقیقت میں وہی مسلم ہے، شمع راہِ ایماں ہے
زباں اور ہاتھ سے محفوظ جس کے ہر مسلماں ہے

4۔ لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرَعَةِ إِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِىْ يَمْلِكُ نَفْسَهٗ عِنْدَ الْغَضَبِ

(بخاری حدیث:6114)

"کسی کو پچھاڑ دینے سے کوئی قوی نہیں ہوتا، حقیقت میں قوی وہی ہے جو غضب کے وقت اپنے نفس کو قابو میں رکھے۔"

---

❶ بھائیوں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوی ہرگز نہیں غالب جو ہو اپنے مقابل پر
قوی ہے، جس کو ہو غصہ میں قابو نفس باطل پر

5۔ لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ وَلٰكِنَّ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ

(بخاری حدیث:6446)

''دولتمندی کثرتِ مال و اسباب کا نام نہیں ہے حقیقت میں دولتمندی تو دل کی کشادگی کا نام ہے۔''

غنی ❶ اس کو نہ سمجھو جس کے گھر میں نقرہ ❷ و زر ہو
حقیقت میں غنی وہ ہے جو مردِ غنی دل ❸ ہو

6۔ اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ

(ابن عدی:325/1،ضعیفۃ آلبانی:593،موضوع)

''جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔

یعنی ماں کے ساتھ حسن سلوک اور خدمت سے جنت حاصل کر سکتے ہو۔

زمیں پھیلی ہوئی ہے جس طرح افلاک ❹ کے نیچے
یونہی جنت بھی ہے ماں کے قدم کی خاک کے نیچے

---

❶ امیر ❷ چاندی سونا۔ ❸ دل سے امیر ہونا
❹ آسمان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

7۔ خَصْلَتَانِ لَا تَجْتَمِعَانِ فِیْ مُؤْمِنٍ
اَلْبُخْلُ وَ سُوْءُ الْخُلُقِ (ترمذی،حدیث:1962)

''دو خصلتیں مومن میں کبھی اکٹھا نہیں ہوسکتیں: بخل اور بداخلاقی۔''

سبق آموز ❶ حسن خلق ہے یہ نکتہ، باقی
مسلماں میں بہم ❷ ہوتے نہیں بخل ❸ و بداخلاقی

8۔ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهٗ مَا لَا
يَعْنِيْهِ (ترمذی،حدیث:2317)

''انسان کے اسلام کا حسن یہ ہے کہ وہ غیر ضروری باتوں کو ترک کردے۔''

عیاں ہو جائے گا اسلام کی خوبی کا راز اس سے
کہ جو کچھ بے ضرورت ہو بجا ہے احتراز ❹ اس سے

9۔ كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا أَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَا
سَمِعَ (مسلم،حدیث:7)

''انسان کے لیے یہ گناہ کافی ہے کہ وہ ہر ایک سنی سنائی بات (ادھر

---

❶ سمجھانے والا ❷ اکٹھے ہونا ❸ کنجوسی ❹ بچنا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ادھر) بیان کرتا ہے۔" (لہٰذا اس سے بچنا ضروری ہے)

بڑی تقصیر ❶ ہے توہینِ آداب زباں کرنا
نے جو دوسروں سے جابجا اس کو بیاں کرنا

10۔ خَيْرُ النَّاسِ اَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ

"سب لوگوں سے بھلا وہ ہے جو دوسرے لوگوں کے لیے سب سے بڑھ کر نفع پہنچانے والا ہے۔" (کنز العمال:43065)

حقیقت میں وہی انساں، سب انسانوں میں اچھا ہے
کہ نفع بیشتر ❷ جس سے ہر انسان کو پہنچتا ہے

11۔ زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا (کنز العمال:24778)

"(دوستوں اور رشتہ داروں سے) ناغہ کر کے ملا کرو (اس سے) محبت بڑھے گی۔"

ملاقاتوں کا وقفہ ربط الفت کو بڑھاتا ہے
دوامِ ❸ ہم نشینی شوقِ پنہاں ❹ کو گھٹاتا ہے
قدر کھو دیتا ہے ہر روز کا آنا جانا

❶ کوتاہی۔ گناہ　　❷ زیادہ تر
❸ ہمیشہ ساتھ رہنا　　❹ چھپی ہوئی چاہت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

12۔ اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَ جَنَّةُ الْكَافِرِ
(مسلم، حدیث: 7417)

"دنیا مومن کے لیے قید خانہ ہے (یعنی آرام کی جگہ نہیں ہے) اور کافر کے لیے بہشت (عیش و آرام کی جگہ) ہے۔"

جو مومن ہے اسے دنیا ہے زنداں ❶
مگر کافر کے حق باغ و بستاں ❷

13۔ اَلْحَیَاءُ خَیْرٌ كُلُّهٗ (ابوداؤد، حدیث: 4796)

"شرم و حیا، سراسر نیکی ہے۔"

یہ ہے اے دوستو! قولِ پیغمبر
حیاء و شرم بہتر ہے سراسر

14۔ لَا یَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ اَنْ یَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلٰثَةِ اَیَّامٍ (مسلم، حدیث: 6534)

"مومن کو کسی دوسرے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ خفا نہیں رہنا چاہیے۔"

---

❶ قید خانہ
❷ باغ و بہار

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حدیث پاک ختم المرسلینؐ ہے
کہ جائز صاحب ایماں ❶ کو نہیں ہے
کہ چھوڑے وہ کسی بھائی کو اپنے
خفا ہو کر زیادہ تین دن سے

15۔لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالَّذِىْ يَشْبَعُ وَ جَارُهٗ جَائِعٌ اِلٰى جَنْبِهٖ (مشکوۃ،حدیث:4991)

''وہ مومن (کامل) نہیں جو خود تو خوب پیٹ بھر کر کھائے اور اس کے پاس پڑوس میں کوئی شخص بھوکا رہے۔''

مسلمانوں کے مذہب میں یہ جائز ہو نہیں سکتا
کہ خود تو پیٹ بھر کر کھائیں، ہمسایہ رہے بھوکا

16۔مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا (ترمذی،حدیث:1315)

''جو دھوکہ دے تو وہ ہم میں سے نہیں۔

(مسلمانوں کی جماعت سے بھلا اسے کیا تعلق ہو سکتا ہے؟)

نہیں ہم میں سے وہ بے دیانت
ہماری جو کرے کچھ بھی خیانت

❶ ایمان والا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

17۔ مَا قَلَّ وَ كَفٰى خَيْرٌ مِّمَّا كَثُرَ وَ أَلْهٰى

”جو چیز تھوڑی ہو اور کفایت کرے، بہتر ہے اس چیز سے جو بہت ہو اور غفلت میں ڈالے۔“ (کنزالعمال، حدیث:16124)

(مثلاً حق حلال کی تھوڑی سی روزی جس سے بندہ حقوق اللہ اور حقوق العباد ٹھیک طور پر سرانجام دے اس مال سے بہتر ہے جو ناجائز، ذرائع سے کمایا گیا ہو اور وہ عبادت وریاضت میں خلل ڈالے۔)

کفایت والی کم چیز اچھی اس سے
بہت جو شے ہو اور غفلت میں ڈالے

18۔ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ (بخاری، حدیث:6168)

”(روزِ قیامت) آدمی اس شخص کے ساتھ ہوگا جس سے وہ سب کے زیادہ محبت رکھتا ہو (لہٰذا ہمیں نیک لوگوں سے محبت رکھنی چاہیے)

محبت آدمی رکھتا ہے جس سے
قیامت کو وہ ہوگا ساتھ اس کے

19۔ اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى

(بخاری، حدیث:1472)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے''

(یعنی خیرات دینے والا ہاتھ خیرات لینے والے ہاتھ سے بہتر ہے)

نبیؐ فرماتے ہیں اے دستِ بالا ❶
کہ اونچا ہاتھ ہے نیچے سے اچھا

20۔ اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهٗ

(ابن ماجه، حدیث:4250)

''گناہ سے (سچے دل سے) توبہ کرنے والا بے گناہ شخص کی مانند ہے۔''

کرے گا جو کوئی توبہ گناہ سے
تو ہو گا وہ برابر بے گناہ کے

21۔ خَیْرُ الزَّادِ التَّقْوٰی (کنزالعمال، حدیث:5635)

''بہترین توشہ پرہیزگاری ہے۔''

(ہر وقت اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا)

نبیؐ کا یوں ہوا ارشاد جاری
کہ بہتر توشہ ہے پرہیزگاری

❶ بلند ہاتھ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

22۔ تَرَكْتُ فِيْكُمْ اَمْرَيْنِ لَنْ تَضِلُّوْا مَا تَمَسَّكْتُمْ بِهِمَا كِتَابَ اللّٰهِ وَ سُنَّةَ رَسُوْلِهٖ

(الموطا، امام مالک، حدیث:3)

''میں تم میں دو چیزیں چھوڑ چلا ہوں۔ انھیں مضبوطی سے تھامے رہو گے۔ (ان کے احکام پر سختی سے عمل پیرا رہو گے) تو کبھی گمراہ نہ ہو گے اللہ کی کتاب اور اس کے رسولؐ کی سنت۔''

مالک بن انس سے مؤطا میں مروی ہے حدیث
یہ کہ دو شے پر وصیت ہے رسولؐ اللہ کی
تھام کر ان کو نہ بھٹکو گے اللہ کی راہ سے
ایک قرآن ایک سنت ہے رسولؐ اللہ کی

23۔ بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَ اِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَ الْحَجِّ الْبَيْتِ وَ صَوْمِ رَمَضَانَ (بخاری حدیث:8)

''اسلام کی بنیاد اسلام پانچ چیزوں پر ہے، یہ گواہی دینا کہ اللہ کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں، نماز قائم کرنا زکوٰۃ ادا کرنا، حج کرنا، اور ماہِ رمضان میں روزے رکھنا۔"

بِنا اسلام کی ❶ مُسْتَحْکَمْ پانچ چیزوں پر ہے
ایک اللہ اور محمدؐ کی نبوّت پر یقین
پھر فرائض ہیں زکوٰۃ و حج و روزہ، نماز
بہر ملت ❷ ہیں اہم پانچوں یہی ارکانِ دین

24۔ اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ

(مسند أحمد، حدیث: 22908)

"پاکیزگی جزوِایمان ہے۔"

وضوء لازمی ہے برائے نماز
طہارت عبادت کی جان ہے
رسولؐ مکرم کی ہے یہ حدیث
کہ پاکیزگی نصف ایمان ہے

25۔ بَيْنَ الْعَبْدِ وَ بَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلٰوةِ

(ابوداؤد، حدیث: 4678)

"بندے اور کفر کے درمیان (حدفاصل) نماز کا ترک کرنا ہے۔"

---

❶ مضبوط ❷ ملت کی مضبوطی، خوشحالی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

موجۂ گرداب ❶ میں تسکینِ ساحل ہے نماز
علم و عرفان الٰہی کا حاصل ہے نماز
سیّد جابرؓ سے مروی ہے حدیث مصطفیٰ
درمیان کفر و مسلم حدّ فاصل ❷ ہے نماز

26۔ اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِّلْفَمِ، مَرْضَاةٌ لِّلرَّبِّ

(نسائی، حدیث: 5)

''مسواک منہ کی صفائی۔ رب کی رضا کا ذریعہ ہے۔''

بہر مومن کس قدر راحت فزا ❸ ہے یہ عمل
یہ صفائی منہ کی، استعمال یہ مسواک کا
حق تعالیٰ بھی ہے خوش پاکیزگی کے ساتھ ساتھ
کتنا جاں پرور ❹ ہے یہ فرماں رسولؐ پاک کا

27۔ اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللهِ اَدْوَمُهَا وَاِنْ قَلَّ

(مسلم، حدیث: 1830)

''اعمال پسندیدہ ترین اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ہیں جو اگرچہ ہوں تو

---

❶ تیز موجوں ❷ فرق کرنے والی بات
❸ راحت دینے والا ❹ جان کو آرام پہنچانے والا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھوڑے مگر برابر اور مسلسل کیے جائیں۔

(مثلاً فرض نمازیں پابندی اور باقاعدگی سے باجماعت پڑھ لی جائیں وہ بہت خوب ہے اور راتوں کو چند دن قیام کیا مگر پھر تھک گئے اور اسے چھوڑ دیا۔ بس اس سے بات کو سمجھ لو)

عائشہؓ سے مستند ہے یہ حدیث
کاش اس پر ہوں مسلماں کاربند
کم سہی، لیکن مدامی ❶ ہو اگر
یہ عمل ہے حق تعالیٰ کو پسند

28۔ خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَّ ابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ (مسند احمد، حدیث:10818)

''بہترین صدقہ وہ ہے جو حدّ اعتدال میں ہو اور اس میں بھی پہلے اہل خانہ اور اقرباء کا خیال رکھا جائے۔''

آئی ہے یہ ابوہریرہؓ سے بخاری میں حدیث
چاہیے خیرات و صدقہ میں بھی حد اعتدال

❶ ہمیشہ۔ باقاعدہ۔ مسلسل

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

راہ حق میں دیں مگر اتنا کہ خود بھی ہوں نہ تنگ
صرف زر ❶ کے وقت رکھیں اقرباء ❷ کا بھی خیال

29۔ سَمِّ اللّٰهَ وَ كُلْ بِيَمِيْنِكَ وَ كُلْ مِمَّا يَلِيْكَ (بخاری، حدیث:5376)

''اللہ تعالیٰ کا نام لے کر کھاؤ، اور اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے سامنے سے کھاؤ۔''

یہ عمر ابن ابو سلمہؓ سے مروی ہے حدیث
پڑھ کے بسم اللہ دستر خوان پر کھائیں طعام
کھائیں دائیں ہاتھ سے یہ بھی رہے پیشِ نظر
کھائیں اپنے سامنے سے مل کر کر کھائیں طعام

30۔ اِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ الْحَسَدَ يَاْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَاْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ

(ابوداؤد، حدیث:4903)

''حسد سے بچو کیونکہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑیوں کو۔''

---

❶ مال خرچ کرنے میں ❷ قریبی رشتہ داروں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیجیے جس درجہ ممکن ہو حسد سے اجتناب
کیونکہ اس سے ہر رگ و پے میں جلا پاتی ہے آگ
نیکیوں کو یوں نگل جاتا ہے کینہ اور حسد
جس طرح سے خشک لکڑیوں کو نگل جاتی ہے آگ

31۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ وَ لٰكِنْ يَّنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ (مسلم، حدیث:6543)

"بلاشبہ اللہ کی نگاہ تمہاری (حسین) صورتوں اور (کثرت) اموال پر نہیں بلکہ وہ تو تمہارے دلوں اور عملوں کو دیکھتا ہے۔"

بو ھریرہؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے کہا
حق تعالیٰ کو نہیں مطلب تمہارے مال سے
خوبیٔ صورت سے بھی اس کو نہیں کوئی غرض
وہ بشر کو جانچتا ہے نیکیٔ اعمال سے

32۔ اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْاِثْمُ مَا حَاكَ فِيْ صَدْرِكَ وَ كَرِهْتَ اَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ
(مسلم، حدیث:6516)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اچھے اخلاق نیکی ہیں اور جو بات دل میں کھٹکے اور تمھیں پسند نہ ہو کہ دوسرے لوگ اس سے آگاہ ہو جائیں وہ گناہ ہے۔

(نیکی اور بدی کو پہچاننے کا یہ طریق بھی ہے)

نیک و بد کی اس طرح تخصیص کی ہے آپؐ نے
خوبیٔ اخلاق نیکی ہے ، اچھائی ہے یہی
خار ❶ بن کر جو کھٹکتی ہو تیرے احساس میں
اس کے افشاء ❷ کا اگر ڈر ہو برائی ہے یہی

33۔ اِذَا غَضِبَ اَحَدُكُمْ وَ هُوَ قَآئِمٌ فَلْيَجْلِسْ فَاِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَ اِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ (ابوداؤد، حدیث:4782)

''جب تم میں سے کوئی مغلوب الغضب ❸ ہو جائے اور وہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے تا آنکہ غصہ فرو ❹ ہو ورنہ لیٹ جائے۔

(غور کرو کتنا خوبصورت نفسیاتی علاج ہے)

---

❶ کانٹا ❷ لوگوں کو پتہ چل جائے
❸ اسے غصہ آجائے ❹ ختم ہو جائے۔ختم

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب کوئی غصے کی شدت سے بہت مغلوب ہو
چاہیے کہ بیٹھ جائے تا کہ غصہ ہو فرو ❶
اس پر بھی غصہ نہ کم ہو تو یہ لازم ہے اسے
لیٹ جائے تا کہ اس کے دل کو کچھ تسکین ہو

34۔ مَنْ رَّاٰی مِنْکُمْ مُنْکَرًا فَلْیُغَیِّرْہُ بِیَدِہٖ فَاِنْ لَّمْ یَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِہٖ فَاِنْ لَمْ یَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِہٖ وَ ذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِیْمَانِ

(مسلم، حدیث: 177)

"تم میں سے جو کوئی برائی دیکھے وہ اسے زورِ بازو سے روکے، اگر اس کی طاقت نہ ہو تو زبان سے روکے، اس کی بھی طاقت نہ ہو تو دل ہی سے برا جانے مگر یہ کمزور ترین ایمان کی نشانی ہے۔"

جب کرے کوئی برائی، قوتِ بازو سے روک
ہو نہ تجھ سے یہ جسارت ❷ تو زباں سے منع کر
گر نہ ہو مقدور ❸ یہ بھی، لائقِ نفریں ❹ سمجھ
آخری شے ہے دلیلِ ضعفِ ایمانی مگر

---

❶ کم ❷ طاقت ❸ قدرت ❹ قابلِ ملامت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

35۔ اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَۃ (مسلم، کتاب الایمان)

''دین خیر خواہی کا نام ہے۔''

ہوش والو، یہ رسولؐ اللہ کا پیغام ہے
خیر خواہی خَلق ❶ کی ہے، دین جس کا نام ہے

36۔ مَنْ لَّا یَرْحَمْ لَا یُرْحَمْ (مسلم، حدیث: 6028)

''جو کسی پر رحم نہیں کرتا، اس پر بھی رحم نہیں کیا جاتا۔''

رحم جو کرتا نہیں اوروں کے حالِ زار پر
رحم اس پر بھی نہیں ہوتا، تو ایسا نہ کر

37۔ نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِیْهِمَا کَثِیْرٌ مِنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ (بخاری، حدیث: 6412)

''دو نعمتیں ایسی ہیں جن کی اکثر لوگ ناقدری کرتے ہیں، ایک صحت، دوسرے فارغ البالی۔''

نعمتیں دو ہیں زمانے میں ربِ عظیم کی
جن کی ناقدری ہے مومن کے لیے وجہِ زیاں ❷
تندرستی نعمتِ عظمیٰ ❸ ہے، انسان کے لیے
فارغ البالی بھی ہے، انعامِ ربِّ دو جہاں

---

❶ مخلوق ❷ باعثِ نقصان ❸ عظیم نعمت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

38۔ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يَعْرِفْ شَرَفَ كَبِيْرِنَا (ترمذی، حدیث: 1920)

"جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑوں کی عزت نہ کرے، وہ ہم میں سے نہیں ہے۔"

ہو کے چھوٹا جو نہیں کرتا بڑے کا احترام
دل بڑے کا بھی اگر معمور شفقت سے نہیں
ان کے بارے میں فرمانِ محمدؐ مصطفی
وہ ہیں نافرمان دونوں میری امت سے نہیں

39۔ مَنْ اَحَبَّ لِلّٰهِ وَ اَبْغَضَ لِلّٰهِ وَ اَعْطٰى لِلّٰهِ وَ مَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْاِيْمَانَ

(ابوداؤد، حدیث: 4680)

"جو شخص اللہ کے لیے محبت کرتا ہے اور اللہ کے لیے بغض رکھتا ہے اور اللہ کے لیے عطا کرتا ہے اور اللہ کے لیے روکتا ہے، یقیناً اس نے اپنے ایمان کو کامل کر لیا (یہ حیاتِ مستعار [1] اور اس کا ہر ہر لمحہ اور ہر ہر عمل صرف رب کی رضا کے لیے ہے)

[1] عارضی زندگی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عطا و منع و حبّ و بغض میں جو اللہ والے ہیں

وہی ایماں میں کامل اور سیدھی راہ والے ہیں

40۔ مَنْ لَزِمَ الاسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَّخْرَجًا وَ مِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا، وَ رَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ

(الترغيب والترهيب، حديث: 617/2)

"اللہ تعالیٰ بہت زیادہ استغفار کرنے والے شخص کو ہر تنگی سے نکال لیتا ہے اسے ہر غم سے نجات دیتا ہے اور رزق کی ایسی فراوانی عطا فرماتا ہے کہ جہاں سے اس کا گمان بھی نہیں ہوتا۔"

ورد جو بہتات [1] سے کرتا ہے استغفار [2] کا

مشکلیں آسان تر کرتا ہے اس کی ربُّ العُلٰی [3]

غائبانہ اس جگہ سے رزق دیتا ہے اسے

جو جگہ ہوتی ہے اس کے وہم سے بھی ماورا [4]

---

[1] کثرت سے [2] اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرنا

[3] بلند مرتبہ رب [4] بالاتر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآنی دعائیں

سورۃ الفاتحہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ (آمین)

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔"

تمام تعریفیں اور ہر شکر اللہ کے لیے ہے جو رب ہے تمام جہانوں کا۔ نہایت مہربان ہر حالت میں رحم کرنے والا ہے۔ مالک روز جزا کا۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور کریں گے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں اور مانگیں گے۔ ہدایت دے ہمیں سیدھے راستے کی۔ راستہ ان لوگوں کا جن پر تو نے انعام فرمایا، نہ ان لوگوں کا جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ ان کا جو بھٹک گئے۔ آمین''

نیک کام کی قبولیت کی دعا

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

(البَقَرة: 127/2)

''اے ہمارے رب! قبول فرما ہم سے (یہ خدمت) بے شک تو ہی سب کچھ سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔''

وَ تُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

(البَقَرة: 128/2)

''اور قبول فرما ہماری توبہ بے شک تو ہی توبہ قبول فرمانے والا، رحم فرمانے والا ہے۔''

دنیا و آخرت کی بھلائی کی دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِي الْاٰخِرَةِ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ (البقرۃ:2/201)

''اے ہمارے رب! عطا فرما ہمیں دنیا میں بھی اچھائی اور بھلائی اور آخرت میں بھی اچھائی اور بھلائی اور بچا ہمیں آگ کے عذاب سے۔''

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سب دعاؤں سے زیادہ یہ جامع دعا مانگا کرتے تھے۔ (صحیح البخاری)

صراط مستقیم پر استقامت کی دعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

[illegible] (آلِ عمرٰن:3/8)

''اے ہمارے رب! نہ فرما کجی (ٹیڑھ) ہمارے دلوں میں بعد اس کے کہ تو نے ہمیں ہدایت سے نوازا اور بخش ہمیں اپنے خزانہ فیض سے رحمت۔ یقیناً تو ہی بہت زیادہ عطا کرنے والا ہے۔''

راسخین فی العلم یعنی دین میں پختہ لوگوں کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ وہ یہ دعا مانگا کرتے تھے۔ اللہ ہمیں بھی ان میں شامل فرمائے آمین

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اہل ایمان کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (اٰلِ عمرٰن:16/3)

''اے ہمارے رب بے شک ہم ایمان لائے پس ہمارے گناہ بخش دے اور بچالے ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔''

موحّد مظلوم کی دعا

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ

(الأعراف:126/7)

''اے ہمارے رب! فیضان کر ہم پر صبر کا اور دنیا سے اٹھا تو ہمیں اس حال میں کہ ہم تیرے فرمانبردار ہوں۔''

مسافر کو الوداع کہنے کی دعا

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۠ وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

(یوسف:64/12)

''بس اللہ تعالیٰ ہی سب سے بہتر محافظ ہے اور وہی سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والدین کے لیے رحمت کی دعا

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا

(بنی اسراء یل:24/17)

’’اے میرے رب! رحم فرما ان (والدین) پر جس طرح پالا ہے ان دونوں نے مجھے (رحمت و شفقت کے ساتھ) بچپن میں۔‘‘

اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو اپنے والدین کے حق میں اس طرح دعا مانگنے کا حکم اور سلیقہ سکھایا۔ (اللہ اکبر)۔

آغازِ سفر کی دعا

رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا

(بنی اسراء یل:80/17)

’’اے میرے رب! لے جا مجھے (جہاں لے جائے) سچائی کے ساتھ اور نکال تو مجھے (جہاں سے نکالے) سچائی کے ساتھ اور بنا تو میرے لیے اپنی جناب سے کسی صاحب خاص کو میرا مددگار۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جناب نبی کریم ﷺ کو مکہ سے ہجرت کرتے وقت اللہ تعالیٰ نے یہ دعا مانگنے کا حکم فرمایا۔

اصحاب کہف کی دعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّ هَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا (الکہف:10/18)

"اے ہمارے رب! نواز آپ ہمیں اپنی جناب سے ہمارے معاملات میں درستگی۔"

یہ دعا اصحاب کہف نے مانگی تھی۔ اس دعا کا اثر یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے منظور فرمایا اور بطور خاص ان کی حفاظت فرمائی۔

علم میں اضافے کے لیے دعا

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا (طٰہٰ:114/20)

"اے میرے رب! زیادہ کر میرا علم۔"

اللہ کی طرف یہ دعا مانگنے کا حکم خود نبی کریم ﷺ کو دیا گیا لہٰذا ہمیں بدرجہ اولیٰ یہ دعا مانگتے رہنا چاہیے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیمار کی دعا

اِذْ نَادٰی رَبَّهٗ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ (الانبیاء:83/21)

''جب پکارا (ایوب علیہ السلام نے) اپنے رب کو (کہ اے میرے رب!) لگ گئی ہے مجھے بیماری (اس سے نجات دلا کہ) آپ سب سے رحم کرنے والوں سے بڑا رحم کرنے والا۔''

یہ حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا ہے جس کی برکت سے ان کی سب تکالیف دور ہو گئیں۔

شیطان کے وسوسوں سے بچنے کی دعا

رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ ۝ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ۝

(المؤمنون:98,97/23)

اے میرے رب! پناہ مانگتا ہوں میں آپ کی شیطان کی اکساہٹوں سے اور میرے رب! پناہ مانگتا ہوں میں آپ کی اس سے کہ وہ (شیطان) میرے پاس آئیں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عباد الرحمٰن کی خاص دعا

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ○ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ○ (الفرقان:66,65/25)

''اے ہمارے رب! بچا لے آپ ہم کو عذاب جہنم سے بے شک اس کا عذاب تو جان کا لاگو ہے۔ یقیناً وہ بہت ہی برا ٹھکانہ اور بہت ہی بری جگہ ہے۔''

جب خوشخبری سنے تو یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ (الفاطر:34/35)

''ہر تعریف اور ہر شکر اللہ کے لیے ہے جس نے دور کر دیا ہم سے ہر قسم کا رنج و غم، بے شک ہمارا رب بہت بخشنے والا اور قدر دان ہے۔''

اعمال صالح کی توفیق کی دعا

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَ اِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

(الاحقاف:15/46)

''اے میرے رب! تو مجھے توفیق دے کہ میں شکر ادا کرتا رہوں تیری ان نعمتوں کا جو تو نے عطا فرمائیں مجھے اور میرے والدین کو اور (یہ توفیق دے) کہ میں کرتا رہوں ایسے نیک کام جن سے تو راضی ہو اور نیک بنا دے تو میری خاطر میری اولاد کو۔ میں توبہ کرتا ہوں تیرے حضور اور میں تیرا تابع فرمان بندوں میں سے ہوں۔''

یہ دعا بکثرت مانگتے رہنا چاہیے۔

فتنہ سے بچنے کی دعا

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَيْكَ اَنَبْنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْلَنَا ۚ رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

(الممتحنة:5،4/60)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اے ہمارے رب! ہم نے تجھ پر ہی پر بھروسہ کیا، ہم نے تیری طرف رجوع کیا، اور ہمیں تیرے حضور ہی لوٹ کر جانا ہے۔ اے ہمارے رب! کافروں کے ظلم اور اپنے عذاب سے ہماری آزمائش نہ فرمانہ بنائیو اور معاف فرما دے ہمارے قصور۔ اے ہمارے رب! بے شک تو ہی ہے زبردست اور غالب حکمت والا ہے۔''

نیکی کا بدلہ دینے کے لیے کہیے

جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا

''اللہ تعالیٰ تجھے بہتر بدلا دے۔''

بے قراری کے وقت خوب دعا کیجیے

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ، وَ أَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ. (ابوداود: 324/4)

یا اللہ! میں تیری رحمت کی امید کرتا ہوں، پس مجھے آنکھ جھپکنے کے برابر بھی میری ذات کے سپرد نہ کر، اور میرے لئے میرے سارے کام ٹھیک کر دے تیرے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انبیاء کرام علیہم السلام کی اپنے رب سے التجائیں

سیدنا آدم وحوا علیہما السلام کی دعا

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ

(الأعراف: 23/7)

"اے ہمارے رب! ظلم کیا ہے ہم نے اپنی جانوں پر اور اگر نہ معاف فرمایا تو نے ہمیں اور اگر تو نے ہم پر نہ رحم فرمایا، تو یقیناً ہم (گھاٹا) خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔"

حضرت نوح علیہ السلام کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَ لَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا ۝

(نوح: 28/71)

"اے میرے رب! مجھے اور میرے ماں باپ اور جو بھی ایماندار ہو کر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میرے گھر میں آئے اور تمام مومن مردوں اور کل ایماندار عورتوں کو بخش دے اور کافروں کو سوائے بربادی کے اور کسی بات میں نہ بڑھا۔"

سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی دعا

(ا) رَبِّ هَبْ لِیْ حُكْمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ

(الشعرآء:83/26)

"اے میرے رب! مجھے حکم عطا کر، اور مجھے صالح لوگوں کے ساتھ ملا دے۔"

سچی ناموری سے نواز

(ب) وَاجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ

(الشعرآء:84/26)

"اور بعد کے آنے والوں میں مجھ کو سچی ناموری عطا کر۔"

یا اللہ! جنت نعیم کا وارث بنا دے

(ج) وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ (الشعرآء:85/26)

"اور مجھے ہمیشہ رہنے والے جنت کے وارثوں میں شامل فرما۔"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت لوط علیہ السلام کی دعا

رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ

(العنکبوت: 30/29)

”اے میرے رب! میری ان فسادی لوگوں کے مقابلے میں مدد فرما۔“

سیدنا یعقوب علیہ السلام کی دعا

اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَ حُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰہِ

(یوسف: 86/12)

”درحقیقت میں تو اپنی پریشانی اور رنج وغم کی فریاد صرف اللہ سے کرتا ہوں (اس کے سوا کسی سے نہیں)“

رنج اور غم کے موقع پر یہی کلمات پڑھتے رہنا چاہیے۔

سیدنا شعیب علیہ السلام کی دعا

وَ مَا تَوْفِیْقِیْٓ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ

(ھود: 88/11)

”اور نہیں ہے مجھ میں کچھ کرنے کی توفیق مگر اللہ (کے فضل وکرم)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے اسی پر بھروسہ کیا میں نے اور اس کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ (ہر معاملے میں)''

ہر کام کی ظاہری تدبیر اختیار کرنے کے بعد اس کے بہتر انجام کے لیے یہ دعا مانگیے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

(القصص:24/28)

''اے میرے رب! بے شک میں ہر اس خیر کا محتاج ہوں جو آپ مجھ پر نازل فرما ئے''

حاکم کے پاس جانے سے پہلے پڑھنے کی دعا

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ○ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ○ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ○ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ○

(طٰہٰ:28-25/20)

''اے میرے رب! کشادہ کر دے میرے لیے میرا سینہ اور آسان بنا دے میرے لیے میرا کام اور کھول دے گرہ میری زبان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی کہ وہ سمجھیں میری بات۔“

سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے جو آپ نے اس وقت مانگی تھی جب اللہ تعالیٰ نے ان کو فرعون کے پاس جا کر اسے پیغام حق پہنچانے کا حکم دیا تھا۔ اس کے فوراً بعد اس دعا کی قبولیت کا ذکر ہے۔ ارشاد ہوا:

قَدْ اُوْتِیْتَ سُؤْلَكَ یٰمُوْسٰی (طٰہٰ:36/20)

”بے شک اے موسیٰ تجھ کو جو تو نے مانگا تھا دیا گیا!۔“

سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی دعا

اَنْتَ وَلِیُّنَا فَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا وَ اَنْتَ خَیْرُ الْغٰفِرِیْنَ٥ وَاكْتُبْ لَنَا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَیْكَ

(الأعراف:155/7)

”تو ہی ہمارا سرپرست ہے، سو ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے اور ہمارے لیے اس دنیا و آخرت میں بھلائی لکھ دے۔ ہم نے آپ کی طرف رجوع کر لیا ہے۔“

سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم میں سے ستر آدمی منتخب فرما کر طور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پڑ لے گئے تھے۔ ان لوگوں سے وہاں ایک بے ادبی سرزد ہوگئی جس کے نتیجہ میں وہ ہلاک ہوگئے اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے یہ دعا مانگی تھی جس کا اثر یہ ہوا کہ وہ سب دوبارہ زندہ کردیے گئے۔ (ابن جریر طبری، ابن ابی حاتم)

حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ (آلِ عمرٰن:38/3)

''اے میرے پروردگار! مجھے اپنے پاس سے پاکیزہ اولاد عطا فرما، بے شک تو دعا کا سننے والا ہے۔''

حضرت یونس علیہ السلام کی دعا

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (الأنبیاء: 87/21)

''نہیں کوئی معبود مگر آپ، پاک ہے آپ کی ذات بے شک میں ہی قصور واروں میں سے ہوں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبی کریم ﷺ کی دعا

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ (الزمر:46/39)

''اے اللہ! تو نے ہی آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا ہے، (تو ہی) چھپے اور کھلے کا جاننے والا ہے۔ تو ہی اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ فرمائے گا ان باتوں کا جن میں وہ باہم اختلاف کرتے رہے ہیں۔'' نبی کریم ﷺ کو یہ دعا مانگنے کا حکم دیا گیا۔

دو پیارے کلمے

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو کلمے زبان پر ہلکے، میزان میں بھاری اور رحمان کو بڑے پیارے ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ (بخاری:7563۔مسلم:2694)

پاک ہے اللہ اور اپنی حمد کے ساتھ، پاک ہے اللہ عظمت والا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دنیا و آخرت کی بھلائی کے لیے

ایک انمول دعا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان مبارک ہے:

اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِیْ وَأَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَاشِیْ وَأَصْلِحْ لِیْ آخِرَتِیْ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیَاةَ زِیَادَةً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ

(مسلم، کتاب الذکر والدعاء، حدیث: ۲۹۰۳)

اے میرے اللہ

میرے لئے میرا دین درست کردے جو میرے معاملے کا اصل بچاؤ ہے۔ اور میرے لئے میری دنیا درست فرمادے جس میں میری معیشت ہے۔ اور میرے لئے میری آخرت بہتر فرمادے جس میں میرا لوٹنا ہے، اور ہر بھلائی کے کام کے لیے میری زندگی میں اضافہ فرما۔ اور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

موت کو میرے لیے ہر شر سے راحت (کا ذریعہ) بنا دے۔

دین کی تعلیم حاصل کرنے والے کے لئے خوشخبری

اللہ کے نبی کریم ﷺ کا فرمان مبارک ہے:

مَنْ سَلَكَ طَرِيقًا يَّطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا سَلَكَ اللّٰهُ بِهٖ طَرِيْقًا مِنْ طُرُقِ الْجَنَّةِ وَ إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا لِّطَالِبِ الْعِلْمِ وَ إِنَّ الْعَالِمَ لَيَسْتَغْفِرُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوَاتِ وَ الْاَرْضِ وَالْحِيْتَانُ فِيْ جَوْفِ الْمَآءِ ...... (ابوداؤد، حدیث:4641)

''جو کسی راستے پر (دینی) علم کی تلاش کے لیے نکلے اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اسے جنت کے ایک راستے پر چلا دیتا ہے اور بے شک فرشتے طالب علم کی خوشنودی کے لیے اپنے پروں کو بچھا دیتے ہیں اور یقیناً آسمانوں و زمین کی ہر چیز حتیٰ کہ پانی کے اندر مچھلیاں عالم کی بخشش کے لیے دعا کرتی ہیں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کلماتِ شکر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰنَا لِهٰذَا وَ مَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْ لَآ اَنْ هَدٰنَا اللّٰهُ (الأعراف:43/7)

”ہر خوبی اور ہر شکر اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے جس نے ہمیں یہ (اسلام کا سیدھا اور سچا) راستہ دکھایا، اور (حقیقت یہ ہے کہ) ہم خود راہ نہ پا سکتے، اگر اللہ تعالیٰ ہماری رہنمائی نہ فرماتا۔“

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے عاجز کو کتاب ”مسلمان بچے“ اور ان کے لیے قرآن و سنت کی روشن ہدایات مرتب کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ یہ کتاب شعبان 1427ھ میں بڑی نفاست کے ساتھ دو ہزار کی تعداد میں چھپی اور ملک کے مختلف حصوں میں پہنچی جسے نہ صرف بچوں نے پسند کیا بلکہ بڑوں نے بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا۔ قرآن حکیم کے شہ پارے عنوانات کے تحت جمع کیے گئے اور چھوٹے چھوٹے جملوں میں انھیں سجایا گیا جنھیں بچے آسانی سے یاد کر سکیں۔

گذشتہ ایڈیشن چند مہینوں میں ختم ہو گیا مجھ سے کئی ہیڈ ماسٹر صاحبان اور والدین نے مطالبہ کیا کہ اس مفید کتاب کو دوبارہ شائع کیا جائے چنانچہ اس کی اغلاط کو درست کیا گیا اور چند آیات کا اضافہ کیا گیا بلکہ چالیس احادیث

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبوی ﷺ بھی درج کردی گئیں، ان آیات اور احادیث کا ترجمہ شعر کی زبان میں بھی پیش کیا گیا ہے اس لیے کہ نظم کو بچے شوق سے پڑھتے اور یاد کرتے ہیں۔

آیات منظوم اردو ترجمہ صدر الدین احمد، سیماب اکبر آبادی اور احادیث کا منظوم اردو ترجمہ مولانا ظفر علی خاں، روش صدیقی، مولوی ہادی لکھنوی، راسخ عرفانی کا کیا ہوا ہے اور یہ مجموعہ ''مرقع چہل احادیث'' کے نام سے پروفیسر محمد اقبال جاوید گورنمنٹ کالج (گجرانوالہ) نے مرتب کیا ہے، میں نے جو آیات اور احادیث مبارکہ درج کی ہیں ان کی تخریج بھی کردی ہے تاکہ قارئین اصل مآخذ کی طرف رجوع کرسکیں۔

اللہ تعالیٰ ان سب حضرات کو جزائے خیر سے نوازیں۔ آمین

آخر میں میری تمنا اور دعا ہے کہ پاکستانی ''شاہین بچے'' ''مسلمان بچے اور ان کے لیے کتاب وسنت کی روشن ہدایات'' کو زبانی یاد کریں۔ ان آیات و احادیث کو گھر سے پڑھتے ہوئے نکلیں، سکول سے واپسی پر ایک دوسرے کو سناتے ہوئے گھروں میں پہنچیں۔ اس طرح ان کے ذہن وفکر پر قرآن وسنت کی گہری چھاپ لگے اور وہ زندگی میں ہونہار، فرض شناس، نیک اور صالح نوجوان بن کر عملی زندگی میں قدم رکھیں۔ آمین

شیخ عمر فاروق

1-11-2015 بمطابق 16 محرم الحرام 1437ھ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کے لیے

BOOK BINDING HOUSE